www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | پیر، 16 نومبر 2026ء، 5 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 202

اشاعت کے خصوصی مضمون جوائنٹ نمبر ون میں ادارے نے فیصلے کی بنیادی وجہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کو قرار دیدیا

شہباز شریف اور فیلڈ مارشل مشترکہ نمبر ون قرار

مسلم دنیا کی 500 بااثر شخصیات

کتاب کے ٹاپ 50 کے ابتدائی چارٹ میں سعودی قیادت کو نمبر ایک، پاکستانی قیادت کو نمبر 2 اور ترک صدر رجب طیب اردوان کو نمبر 3 پر درج کیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اردن سے سالانہ شائع ہونے والی دنیا کی 500 بااثر مسلم شخصیات کی فہرست میں وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو شامل کیا گیا ہے، فہرست میں سعودی ولی عہد محمد بن سلمان اور ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے نام بھی شامل ہیں۔ اشاعت کے خصوصی مضمون جوائنٹ نمبر ون میں ادارے نے اس فیصلے کی بنیادی وجہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کو (بقیہ نمبر 8)



اسلام آباد: شنگھائی تعاون تنظیم کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل احمد سعید مرودزادہ 30ویں ای سی او کونسل آف منسٹرز کے اجلاس میں شرکت کے لیے تشریف لا رہے ہیں

پنجاب کی ترقی دیکھ کر مخالفین کے اعصاب پر مریم نواز سوار ہیں

طیارے کی دیکھ بھال پاک فضائیہ کے سپرد کرنا معمول کا انتظامی فیصلہ ہے

پاک فضائیہ پہلے ہی وزیر اعظم اور دیگر اعلیٰ حکام کے طیاروں کی دیکھ بھال کر رہی ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کی ترقی دیکھ کر مخالفین کے اعصاب پر مریم نواز سوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طیارے کی دیکھ بھال پاک فضائیہ کے سپرد کرنا ایک معمول کا انتظامی فیصلہ ہے۔ پاک فضائیہ (بقیہ نمبر 1)

لاہور میں آلودگی کا راج برقرار

اے کیو آئی 269 ریکارڈ

لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 269 ریکارڈ، کولکتہ دوسرے اور بنگلہ دیش کا دارالحکومت ڈھاکا تیسرے نمبر پر رہا

لاہور (این این آئی) لاہور میں فضائی آلودگی کی صورتحال برقرار ہے۔ عالمی ادارے آئی کیو ایئر کے مطابق لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 269 ریکارڈ کیا گیا جبکہ بھارت (اے کیو آئی) 269 ریکارڈ کیا گیا اور ایئر کوالٹی انڈیکس 269 ریکارڈ کیا گیا (بقیہ نمبر 11)

پاکستان پولیس کیلئے خصوصی نغمہ شہدا و غازیوں کو سلام

نغمے کے ذریعے پوری قوم کی جانب سے پاکستان پولیس کی گراں قدر خدمات پر اظہار تشکر کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) آئی ایس پی آر نے پاکستان پولیس کے لیے خصوصی نغمہ جاری کیا ہے، جس میں شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کو سلام پیش کیا گیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد کو خصوصی انتظامی حیثیت دینے کی تیاری مکمل

اسلام آباد کو خصوصی حیثیت یا ایک مثالی انتظامی یونٹ بنانے کی تجویز زیر غور ہے، جس کا انتظامی سربراہ میئر ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو خصوصی انتظامی حیثیت دینے اور نیا انتظامی ماڈل متعارف کرانے کی تیاری مکمل کر لی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق اسلام آباد کو خصوصی حیثیت یا ایک (بقیہ نمبر 9)

بیشتر علاقوں میں موسم خشک، پہاڑی علاقوں میں سردی کی پیشگوئی

لاہور (اے ایف پی) محکمہ موسمیات نے آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سردی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ (بقیہ نمبر 13)

امن و امان کی صورتحال، گورنر کو مزید اختیارات دینے کا فیصلہ

گورنر کے اختیارات سے متعلق آرڈیننس صدر مملکت آصف علی زرداری کو ارسال

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورت حال کے پیش نظر گورنر فیصل کریم کنڈی کو مزید اختیارات دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق وزیر اعظم نے ایمرجنسی کے دوران گورنر کے اختیارات سے متعلق (بقیہ نمبر 12)

انسانی اسمگلنگ، منشیات اور غیر قانونی سرگرمیوں کا سدباب وقت کی اہم ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

منظم جرائم معاشرے کے امن استحکام اور ترقی کیلئے سنگین خطرہ ہیں، مریم نواز

لاہور میں جرائم کی شرح میں مجموعی طور پر 41 فیصد، ڈیرہ غازی خان میں 16، بہاولپور میں 52، شیخوپورہ میں 32 فیصد کمی آئی ہے

ملتان میں جرائم میں مجموعی طور پر 47 فیصد، راولپنڈی 36، ساہیوال 42، گوجرانوالہ میں 67 اور گجرات میں 58 فیصد کمی آئی ہے

پنجاب میں ڈسٹرکٹ سیف سٹی اتھارٹیز، موبائل پولیس سٹیشن اور ڈیجیٹل سمارٹ پولیسنگ سے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا بین الاقوامی سطح پر ہمہ قسم منظم جرائم اور ان کے خلاف جدوجہد کے عالمی دن پر پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بین الاقوامی سطح پر ہمہ قسم منظم جرائم کی روک تھام اور ان کے خلاف جدوجہد کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ منظم جرائم معاشرے کے امن، استحکام اور ترقی کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ منظم جرائم کی روک تھام کے لیے ہر سطح پر مشترکہ اقدامات ناگزیر ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ انسانی اسمگلنگ، منشیات اور غیر قانونی سرگرمیوں کا سدباب وقت کی اہم (بقیہ نمبر 19)

ٹریفک قوانین پر عملدرآمد انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے ناگزیر

تیز رفتاری، لاپرواہی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب بنتی ہے

محفوظ سڑکیں اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ حادثات سے پاک محفوظ معاشرے کی بنیاد ہے، مریم نواز شریف وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سڑک حادثات کے متاثرین کی یاد کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں سڑک حادثات میں جاں بحق ہونے والے افراد کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سڑک حادثات کے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں، ٹریفک (بقیہ نمبر 25)



اسلام آباد: نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کی وزراء کونسل کے 30ویں اجلاس کے موقع پر تنظیم کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر اسد مجید خان سے ملاقات

مینگورہ میں تیز رفتار کار بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گئی

حادثے کے بعد گاڑی میں موجود افراد معمولی طور پر گاڑی سے نمبر پلیٹ اتار کر فرار ہو گئے

سوات (این این آئی) سوات کے علاقے مینگورہ میں تیز رفتار کار بجلی کے کھمبے سے ٹکرا گئی، بجلی کی فراہمی معطل، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ مینگورہ شہر کے گرین چوک میں (بقیہ نمبر 26)



لاہور: پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم اور ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فرید حسین سیلائٹ فارمیسی کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

شوکت یوسفزئی نے اختیار ولی کا الزام مضحکہ خیز قرار دیدیا

80 فیصد سونا افغانستان اسمگل ہونے کا الزام سنگین ہے، رہنما پی ٹی آئی

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے ترجمان شوکت یوسفزئی نے اختیار ولی کے 4 ارب کا سونا نکالنے کے الزام کو مضحکہ خیز قرار دے دیا۔ پشاور سے جاری بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ پی ٹی آئی کے خلاف نیا بیانیہ گھڑا جا رہا (بقیہ نمبر 27)

آپوا کی سمیرا شفق کی پہلی کتاب ''عکسِ دروں'' شائع ہو گئی

ڈپٹی جنرل سیکرٹری

کتاب میں شامل نظموں اور غزلوں میں انسانی احساسات، مشاہدات اور زندگی کے متنوع رنگوں کی خوبصورت عکاسی کی گئی ہے

ادبی حلقوں اور آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (آپوا) کے عہدیداران کی جانب سے مبارکباد، کتاب کی بھرپور پذیرائی کی امید

لاہور (این ای این) آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (آپوا) کی ڈپٹی جنرل سیکریٹری، شاعرہ و ادیبہ سمیرا شفق کی پہلی شعری تصنیف ''عکسِ دروں'' شائع ہو گئی ہے۔ کتاب میں ان کی خوبصورت نظموں اور غزلوں کو شامل کیا گیا ہے، جن میں احساسات، جذبات، مشاہدات اور زندگی کے مختلف رنگوں کی عکاسی کی گئی ہے۔ ''عکسِ دروں'' کی اشاعت کو ادبی حلقوں میں سمیرا شفق کے ادبی سفر کی (بقیہ نمبر 7)



شاعرہ و ادیبہ سمیرا شفق کی پہلی شعری تصنیف ''عکسِ دروں'' کا عکس

پنجاب بھر میں گیندے کے پھول پوری آب و تاب سے کھل اٹھے

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے باغات اور گرین بیلٹس میں گیندے کے دلکش پھول پوری طرح کھل اٹھے ہیں جنہوں نے عوامی مقامات کو دل موہ لینے والے رنگوں سے سجا دیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہارٹی کلچر اتھارٹی راجہ منصور احمد نے اتوار کو بتایا کہ صوبے بھر میں موسم سرما کی پھولوں کی شجر کاری مہم جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایچ اے نے لاہور میں موسم سرما کے سجاوٹی پھولوں کی (بقیہ نمبر 20)

وفاقی دارالحکومت اپ لفٹنگ اور تزئین و آرائش کا کام تیزی سے جاری

کمرشل مراکز کی

کوہسار مارکیٹ کا فنشنگ ورک آخری مراحل میں، ایف سیون جناح سپر مارکیٹ میں بھٹائی روڈ تک کام مکمل، آبپارہ مارکیٹ کی اپگریڈیشن بھی جاری

فٹ پاتھوں کی ازسرنو تعمیر، دیدہ زیب لائٹس، لینڈ سکیپنگ، سیوریج اور سڑکوں کا بیچ ورک یقینی بنایا جائے، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، چیئرمین سی ڈی اے

اسلام آباد (این ای این) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف کی ہدایت پر دارالحکومت اسلام آباد کے مختلف کمرشل مراکز کی اپ لفٹنگ اور تزئین و آرائش کے کام تیزی کیساتھ جاری ہیں تاکہ دارالحکومت اسلام آباد میں مراکز کی اپگریڈیشن اور مجموعی خوبصورتی میں مزید اضافہ کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد میں واقع کوہسار مارکیٹ کی اپ لفٹنگ کے کاموں کی تکمیل اور فنشنگ ورک جاری ہے۔ اسی طرح F-7 مرکز، جناح سپر مارکیٹ میں بھٹائی روڈ تک کا کام مکمل کر لیا گیا (بقیہ نمبر 6)



دارالحکومت اسلام آباد کے مختلف کمرشل مراکز کی اپ لفٹنگ اور تزئین و آرائش کے کام تیزی کیساتھ جاری ہے

ای سی او کے کونسل کے 30ویں اجلاس کے انعقاد کا خیر مقدم

وزرائے خارجہ کی

پاکستان کی ای سی او چیئرمین شپ علاقائی تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم مواقع فراہم کرے گی، محمد زکریا اکبر

ای سی او کے ذریعے پاکستان کو علاقائی تجارتی اور ٹرانزٹ حب بنایا جاسکتا ہے، اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کا بیان



چنیوٹ: وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ فاسٹ (FAST) یونیورسٹی کے 89ویں کانووکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے پاکستان کی میزبانی میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے وزرائے خارجہ کی کونسل کے 30ویں اجلاس کے انعقاد کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے علاقائی اقتصادی تعاون، تجارت کے فروغ اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنے کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 2026-27 کے لیے ای سی او کی چیئرمین شپ پاکستان کے (بقیہ نمبر 5)

سوشل میڈیا پر متنازعہ مبینہ گستاخانہ ویڈیو اپ لوڈ کرنے پر ٹک ٹاکر گرفتار

عوامی و مذہبی حلقوں کے شدید ردعمل پر ملزم نے ویڈیو ڈیلیٹ کر کے معافی مانگ لی، پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے حراست میں لے لیا

پنڈ دادن خان کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے، مفتی بشیر احمد کرم

پنڈ دادن خان (سرفراز عباس) خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیق کی شان میں مبینہ گستاخانہ ویڈیو اپ لوڈ کرنے والا ٹک ٹاکر گرفتار، مذہبی و سماجی حلقوں میں شدید ردعمل پر مفتی بشیر احمد کرم کا مطالبہ، امن کمیونٹی پنڈ دادن خان کی شہریوں سے پرامن رہنے کی اپیل، پولیس کی قانون کے مطابق کارروائی کی یقین دہانی تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پر خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ کی شان میں مبینہ (بقیہ نمبر 3)

یہ فلیگ شپ منصوبہ پی ایس ای آر (PSER) فیصلہ سازی میں عوام کو ڈیٹا اور شواہد کی طرز پر بہترین گورننس کی نئی راہوں کا تعین کرے گا

پنجاب سوشیو اکنامک رجسٹری کی کامیاب شمار (SHUMAR) مہم

مصنوعی ذہانت سے قبل معیاری ڈیٹا اور درست گنتی ناگزیر ہے، پی ایس ای آر ماڈل پیش

پنجاب کو پرانے نظام سے نکال کر تمام محکموں سے منسلک فعال رجسٹری کی طرف لے جا رہے ہیں، کوئی مستحق خاندان پیچھے نہیں رہے گا

لمز میں خصوصی نشست سے پروجیکٹ ڈائریکٹر قمر زمان قیصرانی و ڈاکٹر فرح سعید کا خطاب، طلبہ کے ڈیٹا گورننس اور پرائیویسی سے متعلق سوالات

لاہور (این ای این) مصنوعی ذہانت (AI) سے پہلے آپ کو ڈیٹا درکار ہوتا ہے، اور ڈیٹا سے پہلے آپ کو گنتی (شمار) کرنا ہوتی ہے۔ اس سلسلہ میں مشتاق احمد گرمانی اسکول آف ہیومینٹیز اینڈ سوشل سائنسز، لمز (LUMS) میں منعقدہ نشست کا اہتمام کیا گیا۔ جہاں پی ایس ای آر (PSER) کے عنوان سے اپنا ماڈل (بقیہ نمبر 2)

نے "دی پنجاب اسٹیک: شمار، ربط، فراہمی" (Count. Connect. Deliver.)



گستاخانہ ویڈیو اپ لوڈ کرنے والا ٹک ٹاکر

راولپنڈی، لنڈے کی دکان میں لگنے والی آگ پر قابو پا لیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ روات کے علاقے میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے فیز 7 میں لنڈے کی دکان میں لگنے والی آگ پر قابو پا لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بظاہر شارٹ سرکٹ سے لگی جس نے کپڑوں کی وجہ سے شدت اختیار کی، متاثرہ (بقیہ نمبر 16)

بچی کی ہلاکت پر اداروں کیخلاف پروپیگنڈا آڈیو لیک نے بے نقاب کر دیا

راولاکوٹ (این این آئی) راولاکوٹ میں بچی کی ہلاکت پر اداروں کے خلاف جھوٹا بیانیہ بنانے کی سازش بے نقاب ہو گئی اس حوالے سے آڈیو لیک نے شرپسند عناصر کا منصوبہ عیاں کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق راولاکوٹ میں بچیوں پر فائرنگ کے واقعے سے متعلق شرپسند عناصر کی آڈیو لیک منظر عام پر (بقیہ نمبر 17)

ایل پی جی گیس کی قیمتیں بے قابو، گھریلو سلنڈر 7 ہزار روپے تک پہنچ گیا

شکر گڑھ (این این آئی) تحصیل شکر گڑھ میں ایل پی جی گیس کی قیمتوں میں کمی نہ آسکی جس کے باعث شہریوں کا جینا محال ہو گیا ہے۔ مارکیٹ میں گھریلو سلنڈر کی قیمت 7 ہزار روپے تک جا پہنچی ہے جس نے غریب (بقیہ نمبر 15)

گورنر راج کے بعد غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف کارروائیاں تیز

صوبے میں قانون کی عملداری یقینی بنانے کے لیے صوبائی حکومت اور انتظامیہ سرگرم عمل ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے بعد غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق صوبے میں نئی حکومت غیر قانونی طور پر قدرتی وسائل کی لوٹ مار کرنے والوں کے خلاف متحرک ہو گئی ہے اس سلسلے میں خیبر پختونخوا پولیس اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نوشہرہ اور کوہاٹ میں غیر قانونی سونے کی کان کنی مافیا کے خلاف بڑے پیمانے پر آپریشن کیا گیا۔ گرینڈ آپریشن کے دوران غیر (بقیہ نمبر 14)

ایف آئی اے کی ملتان ایئرپورٹ پر بڑی کارروائی

پنجاب پولیس کو سنگین جرائم میں مطلوب 2 ملزمان گرفتار، مقدمہ درج

ملتان (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن نے ملتان انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر بڑی کارروائیاں کرتے ہوئے پنجاب پولیس کو سنگین جرائم میں مطلوب 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں محمد ارسلان اور محمد خان شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان قتل اور خاتون کے اغوا کے الگ الگ مقدمات میں مطلوب تھے جن کے نام (بقیہ نمبر 18)

کھیوڑہ پنڈ دادن خان روڈ، گرد و غبار نے شہریوں کا جینا محال کر دیا

نصف کلومیٹر کچے ٹکڑے پر اڑتی دھول کے باعث دن کے اوقات میں بھی ہیڈ لائٹس روشن کر کے سفر کرنے پر مجبور، حادثات معمول بن گئے

ڈمپروں سے مٹی کا پھیلاؤ اور پانی کا چھڑکاؤ نہ ہونا مسائل کی بڑی وجہ، متعلقہ اداروں سے ہنگامی اقدامات کا مطالبہ

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس) کھیوڑہ پنڈ دادن خان روڈ پر زیر تعمیر پلوں اور برساتی نالوں کے اپروچ ریمپس عوام کے لیے عذاب بن گئے حادثات معمول دن کے وقت بھی گاڑیوں کو ہیڈ لائٹس روشن کر کے گزرنا پڑتا ہے، متعلقہ اداروں سے فوری اقدامات کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق کھیوڑہ پنڈ دادن خان زیر تعمیر روڈ پر نہری منصوبے کے پلوں اور برساتی نالوں کے اپروچ ریمپس تاحال مکمل طور پر کنکریٹ اور اسفالٹ سے پختہ نہ کیے جانے کے باعث گرد و غبار کی شدید لپیٹ (بقیہ نمبر 4)



کھیوڑہ پنڈ دادن خان روڈ پر زیر تعمیر پلوں اور برساتی نالوں کے اپروچ ریمپس عوام کے لیے عذاب بن گئے

مزدور یونین کے مطالبے پر ملازمین کو ملنے والی مختلف مراعات میں اضافہ

مزدور یونین ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی، چوہدری یاسین

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین کے مطالبے پر سی ڈی اے ملازمین کو ملنے والی مراعات میرج گرانٹ، ڈیتھ گرانٹ، بچوں کے لیے اسکالرشپ سمیت دیگر مراعات میں اضافہ کر دیا گیا۔ اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین سی بی اے (بقیہ نمبر 21)

پاکستان میں بھی 26 نومبر کو انٹرنیشنل اولیو ڈے منایا جائیگا

پاکستان کو رواں سال پہلی بار اولیو انٹرنیشنل کونسل کا ممبر بننے کا اعزاز حاصل ہوا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو رواں سال پہلی بار اولیو انٹرنیشنل کونسل کا ممبر بننے کا اعزاز بھی حاصل ہوا ہے، ملک میں زیتون کی کاشت بڑھانے میں جہاں پاکستان اور اٹلی حکومت کی گہری دلچسپی شامل ہے، وہیں پر ''اولیو کلچر'' کے فروغ کیلئے اٹالین (بقیہ نمبر 22)



وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اسلام آباد، لاہور ریلوے سیکشن کے ٹریک کی بحالی منصوبے کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

ریلوے کو رواں ہفتے 3 ارب منتقل کئے جانے کا امکان

مجموعی طور پر تقریباً 9.7 ارب روپے کی منظوری دی جا چکی، حنیف عباسی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی طرف سے محکمہ ریلوے کو رواں ہفتے 3 ارب روپے منتقل کئے جانے کا امکان ہے۔ وزیر ریلوے حنیف عباسی نے بتایا کہ ریلوے پھاٹکوں پر حادثات کی روک تھام کے حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے (بقیہ نمبر 23)

مودی سرکار اور بھارتی فضائیہ میں شدید اختلافات

اراضی کے تنازع نے حکومت اور انڈین ایئر فورس کے درمیان تناؤ پیدا کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) بی جے پی کی کٹھ پتلی مودی سرکار اور بھارتی فضائیہ کے درمیان شدید اختلافات اور چپقلش کھل کر سامنے آ گئی۔ نئی دہلی میں بھارتی فضائیہ کی اراضی کے تنازع نے حکومت اور انڈین ایئر فورس کے درمیان تنا کو نمایاں کر کے پیش کر دیا (بقیہ نمبر 24)

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

اسلام آباد، کیش لیس ماڈل

حکومت کی جانب سے اسلام آباد کو ملک کا پہلا کیش لیس شہر بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ 30 نومبر کے بعد کیپٹل ٹیریٹری انتظامیہ اور سی ڈی اے کے کسی بھی محکمے میں نقد ادائیگی قبول نہیں کی جائے گی جبکہ 31 دسمبر تک وفاقی دارالحکومت کے تمام تاجروں کو ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام سے منسلک کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ بلاشبہ یہ ایک خوش آئند اور دوررس اقدام ہے۔ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کیلئے نقد لین دین کے بجائے ڈیجیٹل ادائیگیوں کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ کیش لیس نظام سے ڈیجیٹل اکانومی کی راہ ہموار ہوگی اور ٹیکس چوری جیسے مسائل کا بھی خاتمہ ہوگا۔ نیز لین دین کا یہ طریقہ انتہائی محفوظ اور شفاف ہے' بلکہ یہ معیشت کو دستاویزی شکل دینے کا بھی ایک آسان اور مؤثر حل ہے۔

اس ماڈل کو بتدریج ملک کے دیگر بڑے شہروں تک بھی وسعت دینی چاہیے' تاہم اس سے قبل اسلام آباد میں اس منصوبے کے عملی اثرات اور مضمرات کا بغور جائزہ لینا ازبس ضروری ہے۔ اس راہ میں حائل رکاوٹوں' بالخصوص انٹرنیٹ کی بلاتعطل فراہمی' ڈیجیٹل خواندگی' پوائنٹ آف سیل مشینوں کی دستیابی اور ٹرانزیکشن فیس جیسے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جانا چاہیے۔ اگر حکومت تاجروں اور شہریوں کو اعتماد میں لے کر بنیادی ڈھانچہ مضبوط بنائے تو یہ پورے ملک کیلئے ایک کامیاب ماڈل بن سکتا ہے۔

ذیابیطس کا پھیلتا مرض

جویریہ صدیق

ذیابیطس' جسے شوگر بھی کہتے ہیں' خاموش وبا کی طرح پاکستان میں پھیل رہی ہے۔ اس کی بڑی وجہ ہمارا رہن سہن اور کھانے پینے کی عادات ہیں۔ اس بیماری کے پھیلنے کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہم سہل پسند ہو چکے ہیں' پانچ منٹ کی واک کرنے کیلئے بھی پارک تک گاڑی میں جاتے ہیں۔ واک' ورزش اور جم سے کوسوں دور ہیں۔ ہمارے ہاں ایسے مخصوص پارک بھی نہیں جہاں خواتین اور بچے بے فکری سے ٹہل سکیں یا کوئی گیم کھیل سکیں۔ یہاں خواتین کا سائیکل چلانا معیوب سمجھا جاتا ہے۔ وہ پارک میں ورزش یا جھولوں کی طرف جائیں تو بھی سوال اٹھتے ہیں' اس لیے بہت سی خواتین پارکس کا رخ نہیں کرتیں۔ گلیوں میں بھی واک ممکن نہیں رہی' وہاں موٹر سائیکل سواروں اور راہگیروں کا قبضہ ہوتا ہے۔ ویسے بھی واک جیسا موضوع ہماری روزمرہ گفتگو کا حصہ نہیں' ہمارا پسندیدہ موضوع تو کھانا ہے۔ پھل' سبزیوں اور دودھ سے دور ہو کر ہم نے مرغن کھانوں اور جنک فوڈ کو اپنا لیا ہے۔ ہمارے سنیکس میں سموسے' پکوڑے' جلیبی' چنا چاٹ' میٹھے شربت' بسکٹ' نمکو' ڈونٹس' بن اور چینی سے بھرپور دودھ پتی شامل ہیں۔ ان میں اتنی کیلوریز ہوتی ہیں کہ انہیں ہضم کرنے کیلئے میدان کے کئی چکر لگانے پڑیں۔ مگر ایسا نہیں ہوتا۔ صبح ناشتے سے شروع ہونے والا کھانے پینے کا سلسلہ برنچ' لنچ اور ہائی ٹی سے ہوتا ہوا رات کو ڈنر کے بعد تک جاری رہتا ہے۔ آن لائن فوڈ ڈلیوری نے رہی سہی کسر پوری کر دی ہے؛ اب رات گئے بھی گھروں میں کھانا چل رہا ہوتا ہے۔ ہمیں میٹھے مشروبات بھی بہت پسند ہیں۔ لوگ ڈبہ بند جوسز' سوڈا اور فریزی ڈرنکس شوق سے پیتے ہیں۔ میٹھے کیلئے تو گویا الگ معدہ ہے؛ گلاب جامن' برفی' رس ملائی' کھیر' حلوے' پتیسا' مربہ' آئس کریم' زردہ' ٹافیاں' جیلی اور کسٹرڈ کے بغیر ہمارے کھانے مکمل نہیں ہوتے۔ وزن بڑھ رہا ہے' گھٹنے جواب دے رہے ہیں اور سانس پھول رہا ہے لیکن واک' ورزش یا غذا پر قابو پانے کی طرف کسی کی توجہ نہیں۔ ایک بڑا ظلم ہم آپس میں یہ کرتے ہیں کہ کسی کے گھر جاتے ہوئے کیک لے جاتے ہیں۔ اسکے بجائے پھل' سبزیاں' دالیں' آٹا' دودھ یا زیادہ بجٹ ہو تو خشک میوے تحفے میں لیجائے جاسکتے ہیں۔ کیک کے ایک سلائس میں تین سو سے چار سو تک کیلوریز ہوتی ہیں۔ اگر یہ کیلوریز برن نہ ہوں تو وزن یا شوگر بڑھا سکتی ہیں۔ ہمارے جسم میں موجود لبلبہ انسولین بناتا ہے' جو خون میں موجود گلوکوز کو جسم کے خلیوں میں داخل ہونے اور توانائی کے حصول میں مدد دیتا ہے۔ وزن بڑھنے' پیٹ کے گرد چربی جمع ہونے' سہل پسند طرزِ زندگی' میٹھا اور فاسٹ فوڈ زیادہ کھانے سے ذیابیطس کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ والدین کو شوگر ہو تو جنیاتی طور پر بچوں میں بھی اس کے خدشات بڑھ جاتے ہیں۔ بعض صورتوں میں لبلبہ انسولین بنانا چھوڑ دیتا ہے' جبکہ بعض صورتوں میں انسولین بنتی تو ہے لیکن خلیے اسے درست طور پر استعمال نہیں کر پاتے۔ دونوں صورتوں میں شوگر خون میں رہ جاتی ہے اور انسان ذیابیطس میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس بیماری کی چند علامات ہیں: بہت پیاس لگنا' رات کو بار بار پیشاب کیلئے اٹھنا' اچانک وزن کم ہونا' تھکاوٹ' کمزوری' نظر دھندلانا' ہاتھ پاؤں سن ہونا یا ان میں سوئیاں چبھنا' بار بار انفیکشن ہونا' منہ خشک رہنا اور گردن پر کالے نشان وغیرہ پڑنا۔ ٹائپ ون ذیابیطس کی صورت میں سانس تیز ہونا' متلی' قے اور پیٹ درد بھی ہوسکتا ہے۔

ذیابیطس کی دو بنیادی اقسام ہیں۔ ٹائپ ون زیادہ تر بچوں اور نوجوانوں میں ہوتی ہے جس میں جسم کا مدافعتی نظام انسولین بنانے والے خلیات کو ختم کر دیتا ہے۔ ٹائپ ٹو عموماً بزرگوں میں ہوتی تھی لیکن اب نوجوان بھی اس کا شکار ہو رہے ہیں۔ اس میں جسم انسولین کو ٹھیک طرح استعمال نہیں کر پاتا یا انسولین کم بنتی ہے۔ موٹاپا' ورزش کی کمی اور فیملی ہسٹری اس کی بڑی وجوہات ہیں۔ حمل کے دوران بھی ذیابیطس ہوسکتی ہے جو عموماً زچگی کے بعد ٹھیک ہو جاتی ہے۔ پری ڈائبیٹیز ایسی کیفیت ہے جس میں مستقبل میں شوگر ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔ ذیابیطس کی تشخیص کیلئے فاسٹنگ بلڈ شوگر' رینڈم بلڈ شوگر' ایچ بی اے ون سی اور گلوکوز ٹالرنس ٹیسٹ کیے جاتے ہیں۔ حمل میں شوگر کی تشخیص کیلئے او جی ٹی ٹی ٹیسٹ ہوتا ہے۔ بیماری کی تشخیص کی صورت میں اس کے علاج کیلئے ڈائبیٹولوجسٹ یا اینڈوکرائنولوجسٹ سے رجوع کیا جاتا ہے' جو ضرورت کے مطابق آئی سپیشلسٹ' نیفرولوجسٹ' کارڈیولوجسٹ اور سرجن کے پاس بھی بھیج سکتے ہیں۔ اس بیماری سے گردے' دل اور آنکھیں بھی متاثر ہوسکتے ہیں۔ اگر علاج پر توجہ نہ دی جائے تو گینگرین بھی ہوسکتا ہے' جس میں انسانی اعضا کاٹنے پڑسکتے ہیں۔

ایک تحقیق کے مطابق پاکستان میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد تین کروڑ ساٹھ لاکھ ہے اور ہر تین بالغ افراد میں سے ایک اس کا شکار ہے۔ انٹرنیشنل ڈائبیٹیز فیڈریشن (IDF) کے حالیہ اعدادوشمار کے مطابق پاکستان میں بالغ افراد میں شوگر کی شرح 31.4 فیصد ہے۔ اس شرح کے لحاظ سے پاکستان دنیا بھر میں ذیابیطس کے پھیلاؤ کے اعتبار سے پہلے نمبر پر آتا ہے۔ اگر ملک میں اسی رفتار سے شوگر کا پھیلاؤ جاری رہا تو 2050ء تک مریضوں کی تعداد سات کروڑ تک پہنچ جائے گی۔ دنیا بھر میں ذیابیطس کے مریضوں کی تعداد 58 کروڑ 90 لاکھ ہے۔ ان میں وہ لوگ شامل نہیں جنہیں معلوم ہی نہیں کہ انہیں شوگر ہے۔ مردوں میں ذیابیطس کی شرح 11.55 فیصد اور خواتین میں 10.68 فیصد ہے۔ بچے بھی اس کا شکار ہو رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ جب ملک میں کروڑوں لوگ اس بیماری میں مبتلا ہیں تو اس کے تدارک کیلئے ہیلتھ ایمرجنسی کیوں نہیں لگائی جاتی؟ اکثر غریب لوگ اس بیماری کا علاج کروانے سے قاصر ہیں کیونکہ ٹیسٹ مہنگے ہیں اور ادویات و علاج بھی سستا نہیں۔ اگر کسی غریب مریض کے مفت ٹیسٹ کرکے مرض کی تشخیص ہو جائے تو بھی وہ ڈاکٹر کی فیس' ادویات اور انسولین کے اخراجات برداشت نہیں کر پاتا۔ نتیجتاً مرض اس کے اعضا کو متاثر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ دوسری طرف بعض لوگ ٹیسٹ اور دوا افورڈ کرنے کے باوجود بد پرہیزی کرتے رہتے ہیں جس سے شوگر قابو میں نہیں رہتی۔ اگر آپ پری ڈائبیٹیز کو معمول پر لانا اور شوگر کو کنٹرول کرنا چاہتے ہیں تو فوری واک شروع کریں۔ وزن زیادہ ہو تو ہلکے قدموں سے واک کریں' اپنا ڈائٹ پلان بنائیں اور ادویات باقاعدگی سے لیں۔ زندگی سے جنک فوڈ اور چینی کو باہر نکال دیں۔ شوگر کے مریض زخموں خصوصاً ہاتھ اور پاؤں کے زخموں سے بچیں کیونکہ ان کے زخم دیر سے بھرتے ہیں اور خراب ہونے کا خطرہ بھی زیادہ رہتا ہے۔ انہیں بھاری ورزش نہیں کرنی چاہیے؛ اس سے شوگر لیول کم ہوسکتا ہے۔ ذیابیطس کے مریض کو زیادہ دیر خالی پیٹ نہیں رہنا چاہیے اور دن میں تھوڑا تھوڑا کھانا کھاتے رہنا چاہیے۔ ذیابیطس کے ساتھ معمول کی زندگی گزارنے کیلئے روٹی' چاول اور آلو کم کر دیں۔ جنک فوڈ اور بیکری آئٹم سے پرہیز کریں۔ سبزیاں' سلاد' پھل اور بیج غذا میں شامل کریں۔ جوس اور کولڈ ڈرنکس چھوڑ دیں۔ کھانا وقت پر کھائیں' طویل عرصہ خالی پیٹ نہ رہیں اور روزانہ تیس منٹ ہلکی واک کریں۔ باقاعدگی سے اپنی شوگر چیک کریں' ادویات اور انسولین وقت پر لیں' ذہنی دباؤ کم رکھیں اور کم از کم آٹھ گھنٹے کی نیند لیں۔ ہر تین ماہ بعد ٹیسٹ کرائیں اور بلڈ پریشر اور آنکھوں خصوصاً موتیے کا باقاعدگی سے معائنہ کرائیں۔ شوگر کا علاج ادویات کے ساتھ طرزِ زندگی میں تبدیلی' متوازن غذا اور ورزش سے ہے۔ پہلے یہ بزرگوں کی بیماری سمجھی جاتی تھی لیکن اب ہر عمر کے افراد اس کا شکار ہو رہے ہیں۔ اس لیے اپنے جسم میں ہونے والی تبدیلیوں پر نظر رکھیں۔ اس بیماری کے آغاز میں عموماً کوئی تکلیف نہیں ہوتی مگر آہستہ آہستہ یہ اعضا کو متاثر کرتی ہے۔ خاص طور پر پاؤں کا خیال رکھیں۔ ذیابیطس کا علاج اور ادویات مہنگی ہیں' اس لیے اپنے ارد گرد کسی مریض کو دیکھیں تو اس کی مدد کریں۔ ہم سب کو اس وبا کے خلاف کام کرنا ہوگا' ورنہ یہ بیماری سب کو نگل جائے گی۔

سیاست کوری سیٹ کرنے کی خواہش

ڈاکٹر حسین احمد پراچہ

اعتراف سے اصلاح کا دروازہ کھلتا ہے۔ ہر چند کہیں کہ پیپلز پارٹی حکومت میں نہیں ہے' مگر ہے۔ ہر اہم معاملے پر یہ اتحادی پارٹی حکومت کے قدم سے قدم ملا کر چلتی ہے۔ اس لیے وہ حکمران سیٹ اَپ کا حصہ ہے' بس کابینہ میں شامل نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے سیاست کوری سیٹ کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ دوسری جانب وزیر داخلہ جناب محسن نقوی نے یہ کہہ کر دھماکا کیا ہے کہ میں اور بلاول ایک پیج پر ہیں؛ البتہ وہ صرف سیاست اور میں سارا سسٹم ری سیٹ کرنا چاہتا ہوں۔

پیپلز پارٹی کے چیئرمین جواں سال ہونے کے ساتھ ساتھ جواں فکر ہونے کا ثبوت بھی دیتے رہتے ہیں۔ گاہے گاہے وہ پامال راستوں سے ہٹ کر چلنے کی ترغیب دیتے سنائی دیتے ہیں۔ تاہم ابھی تک وہ سیاست' جمہوریت' آزادانہ انتخابات اور آزاد میڈیا کے بارے میں کوئی ایسی پالیسی اختیار نہیں کر سکے جو روشِ عام سے مختلف ہو۔ 10 نومبر کو کراچی میں سیلاب متاثرین کو مکانات دینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کئی اہم اعترافات بھی کیے۔ انہوں نے بعض ایسے اعلانات کیے ہیں جو بظاہر مختصر ہیں مگر ان کے اندر تفصیلات کا ایک جہان موجود ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ملک کی سیاست کوری سیٹ کرنا ہوگا۔ وزیراعظم اپوزیشن کے ساتھ نئے جھگڑے نہ چھیڑیں اور اتحادیوں کا اعتماد بحال کریں۔ ملک کو بدترین معاشی بحران اور تاریخی مہنگائی کا سامنا ہے۔ عوام کو نفرت کی سیاست نہیں' مسائل کا حل چاہیے۔

دس لاکھ گھر مستحقین کیلئے تعمیر کرنا یقیناً ایک نہایت قابلِ قدر کارنامہ ہے اور اس کی داد دی جانی چاہیے۔ سیلاب زدگان کیلئے تعمیر کردہ ان گھروں کے زمین سمیت مالکانہ حقوق خواتین کے نام منتقل کیے گئے ہیں۔ یہ اور بھی قابلِ تحسین کام ہے۔ ہمارے ہاں غیر تعلیم یافتہ یا کم تعلیم یافتہ افراد اپنی بیویوں پر رعب جماتے ہیں مگر جب انہیں معلوم ہوگا کہ جس گھر کی چھت تلے وہ سکھ کا سانس لیتے ہیں اس کے مالک وہ نہیں بلکہ ان کی بیگمات یا گھر کی دوسری خواتین ہیں تو وہ سنبھل کر بات کریں گے اور تحکمانہ لہجے سے اجتناب کریں گے۔ اب بات کرتے ہیں کہ بلاول بھٹو زرداری نے جن نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے' انہیں عملی جامہ پہنانے کی کیا صورت ممکن ہے۔ آگے بڑھنے سے پہلے ایک دلچسپ بات کا ذکر ہو جائے۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے بار بار زور دے کر کہا کہ گھروں کے اس منصوبے میں کوئی کرپشن نہیں ہوئی۔ گویا منطق کے اصول کے مطابق اس بیان میں در پردہ دیگر منصوبوں میں کرپشن کا اعتراف جلی موجود ہے۔

بلاول بھٹو کہتے ہیں کہ سیاست کوری سیٹ کرنا ہوگا۔ اس بارے میں گمان طرح طرح کی آپشنز کی طرف جاتا ہے مگر قرینِ قیاس یہ ہے کہ موجودہ حکومتی سیٹ اَپ کی تبدیلی کا وقت قریب آ گیا ہے۔ "ری سیٹ" کرنے کا ان کے نزدیک کیا نقشہ ہے' اس بارے میں انہوں نے کوئی واضح اشارہ نہیں کیا مگر قیاس آرائی ضرور کی جاسکتی ہے۔ اگلے انتخابات سے پہلے کسی نئے ارینجمنٹ کی باتیں بھی ہونے لگی ہیں۔ محترمہ مریم نواز صاحبہ نے حدّتِ کلام سے مرصع ایک خطاب میں چودھری سالک حسین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگلے ارینجمنٹ میں جگہ بنانے والے وزارت سے استعفیٰ کیوں نہیں دیتے۔ اس بیان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ کسی نئے ارینجمنٹ کی باتیں چل پڑی ہیں۔ البتہ سیاست کوری سیٹ کرنے کے بیان کے دوسرے حصے میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وزیراعظم اپوزیشن کے ساتھ نئے جھگڑے نہ چھیڑیں۔ تازہ ترین خبروں سے کچھ بہتری کے اشارے بھی مل رہے ہیں۔ 11 نومبر کو اڈیالہ جیل میں عمران خان اور بشریٰ بی بی سے ان کے وکلا لطیف کھوسہ اور سلمان صفدر کی کئی گھنٹوں پر محیط طویل ملاقات ہوئی۔ اس کے علاوہ باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ پسِ پردہ رابطوں میں بیرسٹر گوہر علی کے علاوہ عمران خان کی فیملی بھی پہلی دفعہ شامل ہوئی ہے۔ ان ذرائع کے مطابق کسی بڑی پیش رفت کا امکان ہے۔ پہلی پیش رفت تو یہ ہوئی کہ 12 نومبر کی شام عمران خان کی دو بہنوں کو کوٹ لکھپت جیل سے پچاس دن بعد رہا کر دیا گیا۔

واپس آتے ہیں بلاول بھٹو زرداری کی نیک تمناؤں کی طرف۔ ان میں ایک نکتہ یہ بھی شامل ہے کہ وزیراعظم اتحادیوں کا اعتماد بحال کریں۔ اس بیان میں یہ پہیلی بوجھنا آسان نہیں لگتا۔ غالباً ان کا اشارہ نئے صوبوں کی تشکیل کے بارے میں ہے کیونکہ چند روز سے ایک بار پھر نئے صوبوں کی صدائے بازگشت سنائی دینے لگی ہے۔ پیپلز پارٹی بڑے زور و شور سے اس کی مخالفت کر چکی ہے۔ سندھ اسمبلی اس حوالے سے ایک قرارداد پاس کر چکی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے یہ اعتراف بھی کیا کہ ملک کو بدترین معاشی بحران اور تاریخی مہنگائی کا سامنا ہے۔ ورلڈ بینک جیسے مختلف غیر جانبدار عالمی اداروں کی رپورٹوں کے مطابق پاکستان میں خطے کی سب سے زیادہ بیروزگاری اور مہنگائی ہے۔ ان رپورٹوں کے مطابق پاکستان میں 30 فیصد سے لے کر 48 فیصد تک پاکستانی عوام خطِ غربت سے نیچے ہیں۔ 10 کلو آٹے کا تھیلا 1400 روپے کا ہوگیا ہے۔ بجلی کے بل غریب صارفین کے استطاعت سے باہر ہو چکے ہیں۔

پاکستان کا محل وقوع ایسا ہے کہ بڑی بڑی عالمی طاقتیں اس کی طرف دیکھتی اور اس کے تعاون کی متمنی رہتی ہیں۔ اسی طرح حالیہ مہینوں میں خطے میں قیامِ امن کیلئے پاکستان نے ایران اور امریکہ کے درمیان مصالحت و ثالثی کیلئے گراں قدر خدمات انجام دی ہیں۔ ابھی 11 نومبر کو اطالیہ' ترکیہ میں کوپ 31 اجلاس کے دوران وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے درمیان ہونے والی ملاقات میں ایک بار پھر خطے میں قیامِ امن کیلئے پاکستان کا کردار ابھر کر سامنے آیا ہے۔ قیامِ امن کیلئے پاکستان کی اس جدوجہد کا بہت سے ملکوں نے اعتراف کیا ہے۔ ان سارے اعزازات کی چکاچوند اس وقت ماند پڑ جاتی ہے جب دو چار ارب ڈالر کیلئے حکمران دریوزہ گری کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ اسی بنا پر پاکستان میں داخلی خوشحالی کیلئے معاشی ترقی و استحکام انتہائی ضروری ہے۔

بلاول بھٹو کے مذکورہ بیان کا اہم ترین نکتہ یہ ہے کہ عوام کو نفرت کی نہیں' باہمی مفاہمت کی سیاست چاہیے۔ ایک ایسا خوشگوار ماحول جس میں عوام کے مسائل حل ہو سکیں۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ بلاول بھٹو نے جن تشویشناک معاشی و سیاسی حقائق کا اعتراف کیا ہے' کم و بیش وہی بات وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی کی ہے۔ احسن اقبال طویل عرصے کے منصوبے اور پروگرام پیش کرنے کی شہرت رکھتے ہیں۔ انہوں نے چند روز قبل دس برس کیلئے "میثاقِ سیاست" کی تجویز پیش کی ہے۔ اس سے قبل 2006ء میں محترمہ بینظیر بھٹو اور نواز شریف کے درمیان "میثاقِ جمہوریت" طے پایا تھا۔ ان سب باتوں سے محسوس یوں ہوتا ہے کہ بقول فیض احمد فیض:

روشن کہیں بہار کے امکاں ہوئے تو ہیں

بلاول بھٹو اپنے والدِ گرامی' شہنشاہِ مفاہمت جناب آصف علی زرداری کے ساتھ مل کر سیاست کو نفرت و مخاصمت کے خاردار راستوں سے پھیر کر "شاہراہِ مفاہمت" کی طرف لائیں۔ بھٹو خاندان اور جناب آصف علی زرداری کے ساتھ مولانا فضل الرحمٰن کے دیرینہ تعلقات ہیں۔ لہٰذا مولانا صاحب کی تجویز کے مطابق آل پارٹیز کانفرنس بلا کر آئین کی بالادستی' عدلیہ کی حقیقی آزادی اور صاف شفاف انتخابات کی ضمانت کو یقینی بنا کر "قومی میثاقِ سیاست و مفاہمت" کا اعلان کیا جاسکتا ہے۔ اگر بلاول بھٹو زرداری کے مطابق اس طرح سیاست ری سیٹ ہوجائے تو کیا کہنے!

SPORTS سپورٹس

ٹیسٹ کرکٹ میں پہلی بال کروانے سے پہلے پریشر تھا، ثاقب خان

ٹیسٹ ڈیبیو پر اچھی پرفارمنس کی وجہ سے میری فیملی بھی بہت خوش تھی، فاسٹ باؤلر

راولپنڈی (این این آئی) ٹیسٹ ڈیبیو پر سات وکٹیں لینے والے فاسٹ باؤلر ثاقب خان نے کہا ہے کہ ٹیسٹ کرکٹ میں پہلی بال کروانے سے پہلے پریشر تھا۔ تفصیلات کے مطابق ثاقب خان نے پروگرام سٹریٹ ڈرائیو وِد سلمان بٹ میں شرکت کی۔ ثاقب خان ٹیسٹ ڈیبیو پر ایک اننگز میں سات وکٹیں لینے والے چوتھے پاکستانی باؤلر بن گئے، ثاقب خان نے 34 اوورز میں 130 رنز کے عوض سات کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، چوتھے دن کے آغاز پر ثاقب خان کے آٹھ اوورز کے سپیل نے سری لنکا بیٹنگ لائن اپ کی کمر توڑ دی، ثاقب نے چوتھے دن آغاز میں پانچ کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ ثاقب خان نے کہا کہ ٹیسٹ کرکٹ میں پہلی بال کروانے سے پہلے پریشر تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس فارمیٹ کی خوبصورتی یہی ہے کہ آپ کو لمبے سپیلز کروانے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوچ اور کپتان کے ساتھ پلان کیا تھا کہ آف سٹمپ پر زیادہ باؤلنگ کروانی ہے تاکہ کچھ نکلیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیسٹ ڈیبیو پر اچھی پرفارمنس کی وجہ سے میری فیملی بھی بہت خوش تھی۔



نیوزی لینڈ کو 7 سال بعد ون ڈے ہوم سیریز میں بھارت کے ہاتھوں شکست

گوتم گمبھیر کی کوچنگ میں بھارت کی بیرونِ ملک ون ڈے سیریز میں یہ پہلی کامیابی بھی ہے

آکلینڈ (این این آئی) بھارت نے نیوزی لینڈ کو اسی کی سرزمین پر 22 رنز سے شکست دے کر 7 سال بعد کیویز کی ہوم ون ڈے سیریز میں ناقابلِ شکست رہنے کی روایت توڑ دی۔ اس فتح کے ساتھ بھارت نے چار میچز کی سیریز 3-1 سے اپنے نام کر لی۔ فیصلہ کن ون ڈے میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 209 رنز بنائے، تاہم بھارتی بولرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کی ٹیم کو ہدف حاصل کرنے سے روک دیا۔ بھارت کی جانب سے نوجوان فاسٹ بولرز ارشدیپ سنگھ، محمد سراج، عاقب نبی اور لیش ٹھاکر نے کیویز کی بیٹنگ لائن کو مشکلات سے دوچار کیے رکھا، جبکہ آخری وکٹ اکشر پٹیل نے حاصل کی۔

رونالڈو کا فٹبال کے بعد ٹی وی انڈسٹری میں قدم

سیریز میں معروف اداکار ڈیمین لیوس فٹبال ایجنٹ اسٹینلے ڈالٹن کا کردار ادا کریں گے



لزبن (این این آئی) پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے فٹبال کے میدان سے باہر ایک نیا سفر شروع کرتے ہوئے اپنی پہلی ٹی وی سیریز Day 1 کی پروڈکشن شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رونالڈو نے انسٹاگرام پر اس منصوبے کی خبر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ پہلی ٹی وی سیریز کی تیاری شروع ہوگئی ہے اور مزید تفصیلات جلد سامنے آئیں گی۔ Days 1 فٹبال کی دنیا پر مبنی ایک ڈرامہ سیریز ہے، جس میں ایک بڑے فٹبال ایجنسی کے کاروباری معاملات، طاقت کی کشمکش، معاہدوں اور باہمی تعلقات کو دکھایا جائے گا۔ سیریز میں معروف اداکار ڈیمین لیوس فٹبال ایجنٹ اسٹینلے ڈالٹن کا کردار ادا کریں گے جبکہ سابق فرانسیسی فٹبالر تھیری ہنری اور برطانوی ریپر ڈیو بھی اس منصوبے سے وابستہ ہیں۔ ہنری کی سیریز میں مختصر کردار ادا کرنے کی توقع ہے۔ یہ سیریز رونالڈو اور برطانوی فلم ساز میتھیو وان کی قائم کردہ پروڈکشن کمپنی تیار کر رہی ہے۔

بابر اعظم پسندیدہ پاکستانی کرکٹر ہیں، جیمز اینڈرسن

شین وارن، جو روٹ، ویرات کوہلی، ٹم ساتھی، سنتھ جے سوریا پسند ہیں

لندن (این این آئی) انگلینڈ کے سابق فاسٹ بولر جیمز اینڈرسن نے پاکستان کے اسٹار بلے باز بابر اعظم کو اپنا پسندیدہ پاکستانی کرکٹر قرار دیدیا۔ جیمز اینڈرسن نے یہ بات کرکٹ سے متعلق حالیہ ویڈیو میں کیا ہے، جس میں انہوں نے مختلف ممالک کے اپنے پسندیدہ کرکٹرز کے نام بتائے ہیں۔ اینڈرسن نے آسٹریلیا سے شین وارن، انگلینڈ سے جو روٹ، بھارت سے ویرات کوہلی، نیوزی لینڈ سے ٹم ساتھی، جنوبی افریقا سے اے بی ڈی ویلیئرز اور سری لنکا سے سنتھ جے سوریا کو منتخب کیا ہے۔ 44 سالہ جیمز اینڈرسن انگلینڈ کی جانب سے ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے بولر ہیں، انہوں نے مارچ 2024 میں 700 ٹیسٹ وکٹیں مکمل کیں اور جولائی 2024 میں ویسٹ انڈیز کے خلاف لارڈز میں اپنا 188 واں اور آخری ٹیسٹ کھیلنے کے بعد انگلینڈ کی نمائندگی ختم کر دی تھی۔ وہ لنکا شائر کی جانب سے کھیلتے رہے



سلطان اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ کے لیے 18 رکنی ٹیم فائنل

لاہور (این این آئی) سلطان اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ کے لیے 18 رکنی ٹیم فائنل کر لی گئی، ٹیم کا اعلان ایک دو روز میں متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق کپتان عماد بٹ سمیت پانچ سینئرز کھلاڑیوں کی چھٹی کروا دی گئی۔ ارشد لیاقت، عدیل، عبدالمنان اور گول کیپر علی رضا کو زیرِ غور نہیں لایا گیا۔ سلطان اذلان شاہ ہاکی ٹورنامنٹ 20 نومبر سے 28 نومبر تک شیڈول ہے۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے جن کھلاڑیوں کو اس ٹورنامنٹ میں موقع دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ان میں گول کیپر عبداللہ اشتیاق، وقار شامل ہیں جبکہ دفاعی کھلاڑیوں میں ابوبکر، سفیان خان، محمد عبداللہ اور ندیم خان پر اعتماد کیا گیا ہے۔ مڈ فیلڈرز میں معین شکیل، حماد الدین، سمیع اللہ، محمد عماد، ذکریا حیات، عمر مصطفیٰ پر بھروسہ کیا گیا ہے۔

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار و راشتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

SHOWBIZ شوبز

اسماعیل تارا کی چوتھی برسی 24 نومبر کو منائی جائے گی

مزاحیہ اداکار نے صرف 15 سال کی عمر میں اسٹیج پر کام کیا



لاہور (این این آئی) صدارتی تمغہ یافتہ معروف مزاحیہ اداکار اسماعیل تارا کی چوتھی برسی 24 نومبر کو منائی جائے گی۔ تقریباً 5 دہائیوں تک اپنی جاندار مزاحیہ کردار نگاری کے ذریعے لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹیں بکھیرنے والے اسماعیل تارا 16 نومبر 1949 کو کراچی میں پیدا ہوئے، 1964 میں پہلی مرتبہ اسٹیج پر اسماعیل تارا نے اس وقت پرفارمنس دی جب ان کی عمر صرف پندرہ سال تھی۔ 70 کی دہائی میں ضیاء محی الدین شو میں پرفارمنس کے بعد ٹی وی کے لیے راہیں ہموار ہوئیں اور بعدازاں مزاحیہ سیریز ففٹی ففٹی نے ان کے لئے شہرت کے دروازے کھول دیئے۔ اسماعیل تارا نے ٹی وی ڈراموں کے علاوہ فلم میں بھی اپنی دھاک بٹھائی، سلور اسکرین پر بہترین اداکاری پر انہیں پانچ مرتبہ بہترین مزاحیہ اداکار کا نگار ایوارڈ دیا گیا۔ ان کے مشہور پراجیکٹس میں ففٹی ففٹی کے علاوہ ربڑ بینڈ، یہ زندگی ہے، نادانیاں، ون وے ٹکٹ، دہلی کالونی، بلبلے، نمک پارے شامل ہیں۔ اسماعیل تارا کئی عرصے سے گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے اور مختصر علالت کے بعد 24 نومبر 2022 کو اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ حکومت کی جانب سے ان کی فنکارانہ خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا گیا تھا۔

نامور گلوکارہ رونا لیلیٰ (کل) اپنی 74 ویں سالگرہ منائیں گی

لاہور (این این آئی) نامور گلوکارہ رونا لیلیٰ کل (منگل) 17 نومبر کو اپنی 74 ویں سالگرہ منائیں گی۔ انہوں نے 1960 کی دہائی میں فلم اور ٹی وی کیلئے گلوکاری کا آغاز کیا۔ ایسے وقت میں جب ملکہ ترنم نور جہاں کی گلوکاری کا سکہ چلتا تھا۔ رونا لیلیٰ نے جلد اپنا مقام بنا لیا۔ تہذیب اور انجمن جیسی فلموں نے رونا لیلیٰ کا نام گھر گھر پہنچا دیا۔ رومانوی گیتوں میں انہوں نے اپنے دور کی تمام گلوکاراؤں کو مات دی تھی۔ رونا لیلیٰ بنگلہ دیش کے قیام کے بعد وہاں منتقل ہو گئی تھیں۔

لوگ تہجد میں ہماری شادی کیلئے دعائیں کرتے تھے، زیب خان

شو کے دوران مجھے ایک دوسرے کے لیے جذبات کا مکمل احساس نہیں تھا



کراچی (این این آئی) اے آر وائی کے ریئلٹی شو تماشہ سیزن فائیو سے شہرت حاصل کرنے والے جوڑے اسرا عائشہ اور زیب خان کی پہلی ملاقات سے شادی تک کا سفر کیسے طے ہوا؟ اس حوالے سے دونوں اداکاروں نے اے آر وائی ڈیجیٹل کے پروگرام گڈ مارننگ پاکستان میں اپنی محبت اور شادی تک پہنچنے کی دلچسپ کہانی بیان کی۔ انہوں نے بتایا کہ شو کے دوران انہیں ایک دوسرے کے لیے جذبات کا مکمل احساس نہیں تھا، تاہم علیحدگی کے بعد حالات نے ان کے احساسات واضح کرنا شروع کر دیئے۔ زیب خان نے بتایا کہ شادی کی خبر پر لوگ اس لیے بھی زیادہ خوش ہو رہے ہیں کہ متعدد افراد ہمارے رشتے کے لیے دعائیں کر رہے تھے، بعض مداحوں نے انہیں پیغامات بھیجے کہ وہ تہجد کے وقت بھی ان کی شادی کے لیے خصوصی دعائیں کرتے رہے ہیں۔ زیب نے بتایا کہ شو سے علیحدگی کے بعد تقریباً 15 دن کا وقفہ آیا جب وہ شو سے باہر آئے تو مجھے خود بھی اندازہ نہیں تھا کہ ہم دونوں کے درمیان کیا جذباتی تبدیلی آ رہی ہے۔

الحمرا قذافی میں تزئین و آرائش، پرفارمنگ آرٹس اکیڈمی کی کلاسز مال روڈ منتقل

لاہور (این این آئی) الحمرا قذافی میں تزئین و آرائش کے کام کے باعث پرفارمنگ آرٹس اکیڈمی سمیت دیگر کلاسز عارضی طور پر الحمرا مال روڈ منتقل کر دی گئیں۔ الحمرا ہال ون اور ہال ٹو کو مرمتی اور تزئین و آرائش کے کام کے سلسلے میں بند رکھا گیا ہے جس کے باعث وہاں ہونے والی تمام سرگرمیوں کو متبادل مقام پر منتقل کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہونے سے بچانے کے لیے کلاسز کا سلسلہ الحمرا مال روڈ میں جاری رکھا گیا ہے۔ طلبہ معمول کے مطابق اپنے کورسز مکمل کر رہے ہیں جبکہ تزئین و آرائش کا کام مکمل ہونے کے بعد کلاسز دوبارہ قذافی الحمرا منتقل کر دی جائیں گی۔

شوبز، گھریلو زندگی میں توازن قائم رکھنا آسان نہیں تھا، فضیلہ قاضی

کامیاب زندگی کیلئے پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کیساتھ خاندانی رشتوں کو وقت دینا بھی ضروری ہے



لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ فضیلہ قاضی نے کہا ہے کہ شوبز کی مصروفیات اور گھریلو زندگی میں توازن قائم رکھنے کے لیے ہمیشہ بڑی تگ و دو کرنا پڑی تاہم میں نے اپنے خاندانی معاملات اور بچوں کی تربیت کو کبھی نظر انداز نہیں کیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ایک فنکار کے لیے پیشہ ورانہ کامیابی اپنی جگہ اہم ہے لیکن گھر اور خاندان کو مناسب وقت دینا بھی اتنی ہی بڑی ذمہ داری ہے۔ فضیلہ قاضی نے کہا کہ بچوں کی اچھی تربیت کے لیے والدین کی توجہ، وقت اور عملی کردار بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ بچوں کو صرف نصیحت کرنے کے بجائے اپنے عمل سے اچھے اخلاق اور ذمہ داری کا درس دینا چاہیے۔ مصروف زندگی میں ترجیحات کا تعین کرنا ضروری ہے تاکہ کام اور گھر دونوں متاثر نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حقیقی کامیابی اسی وقت حاصل ہوتی ہے جب انسان پیشہ ورانہ زندگی کے ساتھ اپنے خاندان کو بھی خوشگوار اور مطمئن رکھ سکے۔

کترینہ کیف اور وکی کوشل نے بیٹے کی تصویر سوشل میڈیا پر شیئر کر دی

کترینہ کیف نے لکھا کہ یہ ہماری اب تک کی سب سے روشن دیوالی ہے



ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ کترینہ کیف اور اداکار وکی کوشل نے اپنے ننھے بیٹے وہان کی جھلک مداحوں کو دکھادی۔ فوٹو اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر فنکار جوڑی نے مشترکہ پوسٹ میں اپنے بیٹے کی پہلی سالگرہ اور دیوالی کے موقع پر پہلی تصویر باضابطہ طور پر شیئر کی ہے۔ دیوالی کے موقع پر کترینہ کیف اور وکی کوشل نے اپنے بیٹے کے ساتھ تہوار منانے کی ایک خوبصورت جھلک مداحوں کے ساتھ شیئر کی۔ جوڑے نے انسٹاگرام پر ایک دلکش تصویر پوسٹ کی، جس میں دونوں اپنے بیٹے وہان کے ہمراہ نظر آ رہے ہیں۔ تصویر کے ساتھ کیپشن میں کترینہ کیف نے لکھا کہ یہ ہماری اب تک کی سب سے روشن دیوالی ہے، آپ سب کے لیے بہت محبت اور نیک تمنائیں۔ واضح رہے کہ 9 دسمبر 2021ء کو کترینہ کیف اور وکی کوشل نے راجستھان کے ریزورٹ میں شاہی انداز میں شادی کی تھی۔ ان کی شادی کے 4 سال بعد اس جوڑی کے یہاں پہلے بیٹے وہان کی پیدائش 7 نومبر 2025ء کو ہوئی تھی۔

شادی کا فیصلہ سوشل میڈیا یا ریلز دیکھ کر نہ کریں، کرن خان

لڑکیاں شادی کو محض ایک رومانوی تصور کے طور پر دیکھتی ہیں، حقیقت کا ادراک کرنا چاہیے



لاہور (این این آئی) اداکارہ و میزبان کرن خان نے کہا ہے کہ شادی کا فیصلہ سوشل میڈیا یا ریلز دیکھ کر نہ کریں، لڑکیاں شادی کو محض ایک رومانوی تصور کے طور پر دیکھتی ہیں لیکن انہیں حقیقت کا ادراک کرنا چاہیے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ شادی کے بارے میں ایک عام غلط فہمی یہ ہے کہ یہ صرف ایک ہنی مون پیریڈ ہے جہاں سب کچھ بہت اچھا اور رومانوی ہوگا، جب میں نے کم عمری میں شادی کی تھی تو میرے ذہن میں بھی بالکل یہی تصور تھا۔ اکثر اسی سوچ کی وجہ سے لوگوں کو یہ لگنے لگتا ہے کہ شاید انہوں نے کوئی غلط فیصلہ کر لیا ہے لیکن حقیقت میں یہ ابتدائی دور دراصل ایک دوسرے کے ساتھ مطابقت پیدا کرنے کا وقت ہوتا ہے کیونکہ مختلف سوچ رکھنے والے دو افراد ایک ساتھ رہنا شروع کرتے ہیں اور آپ ایک دوسرے کے بارے میں ایسی نئی باتیں جانتے ہیں جن کے مطابق آپ کو خود کو ڈھالنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیالی دنیا میں نہ رہیں اور اپنے تعلق کا موازنہ ان جوڑوں سے نہ کریں۔

بقیہ 1

پہلے ہی وزیراعظم اور دیگر اعلیٰ حکام کے زیر استعمال طیاروں کی دیکھ بھال کر رہی ہے۔

بقیہ 2

پیش کیا۔ اس موقع پر محبوب الحق ریسرچ سینٹر کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور شعبہ معاشیات، لمز کی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر فرح صید، پروجیکٹ ڈائریکٹر قمر زمان قیصرانی اور پی ایس ای آر کی ٹیم نے شرکت کی۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر قمر زمان قیصرانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ فلیگ شپ منصوبہ پی ایس ای آر (PSER) فیصلہ سازی میں عوام کو ڈیٹا اور شواہد کی طرز پر بہترین گورننس کی نئی راہیں متعین کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہوئے اس پراجیکٹ سے پنجاب بھر میں ڈیٹا اکٹھا ہوجانے کے بعد کوئی گھرانہ نظروں سے اوجھل نہ ہوگا، کوئی مستحق خاندان پیچھے نہ رہ پائے گا، اور ہر عوامی فیصلہ ٹھوس ڈیٹا کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ یہ اساتذہ اور طلبہ کے لیے پنجاب کے سب سے اہم عوامی ڈیٹا منصوبوں میں سے ایک کے ساتھ براہِ راست مکالمہ کرنے کا ایک قیمتی موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ کس طرح پی ایس ای آر پنجاب کو بکھرے ہوئے اور پرانے ڈیٹا کے نظام سے نکال کر ہر گھرانے کی ایک فعال اور براہِ راست رجسٹری کی طرف لے جارہا ہے، جو تمام سرکاری محکموں سے منسلک ہے اور اس طرح کا لائحہ عمل اختیار کیا گیا کہ درست وقت پر درست خاندان تک درست امداد پہنچائی جاسکے۔ انہوں نے کہا، "بہت طویل عرصے تک حکومت شہریوں سے ہر دفتر اور ہر پروگرام کے لیے اپنی مطلوبہ ضروریات پوری کرنے کے بارے میں پوچھتی رہی ہے۔ پی ایس ای آر اس روایت کو بدل رہا ہے۔ انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ یہ رجسٹری محض ایک بار کا سروے نہیں بلکہ ایک متحرک نظام ہے، جو لوگوں کی زندگیوں میں آنے والی تبدیلیوں کے ساتھ اپ ڈیٹ ہوتا رہے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ایس ای آر کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ ہمیشہ زندہ رہے اور لوگوں کی زندگیوں کی رفتار کے ساتھ آگے بڑھے۔ مصنوعی ذہانت اتنی ہی مؤثر ہو سکتی ہے جتنا اس کے پیچھے موجود ڈیٹا معیاری ہو۔ پی ایس ای آر کے ذریعے پنجاب پہلے اس بنیاد کو مضبوط بنا رہا ہے۔ اگر ڈیٹا درست ہو، تو مصنوعی ذہانت ہمیں بہتر منصوبہ بندی کرنے، تیزی سے ردعمل دینے اور محروم رہ جانے والے افراد تک پہنچنے میں مدد دے سکتی ہے۔ اس موقع پر طلبہ نے پی ایس ای آر شہریوں کی رازداری (پرائیویسی) کا تحفظ اور گھریلو ڈیٹا حاصل کرنے بارے ڈیٹا گورننس اور وقت کے ساتھ رجسٹری کے درست رہنے کے طریقہ کار پر سوالات بھی کیے۔

بقیہ 3

گستاخانہ اور متنازعہ ویڈیو اپ لوڈ کرنے کے معاملے پر پولیس نے ٹک ٹاکر علی حسن بلوچ کو گرفتار کرلیا۔ گزشتہ روز ٹک ٹاک اور فیس بک پر اپ لوڈ کی گئی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد مذہبی، سماجی اور عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پایا گیا۔ عوامی ردعمل کے بعد مذکورہ ٹک ٹاکر نے ویڈیو ڈیلیٹ کرتے ہوئے اپنی غلطی اور نادانی کا اعتراف کیا اور باقاعدہ معافی نامہ بھی جاری کیا، تاہم ویڈیو پہلے ہی سوشل میڈیا پر گردش کر چکی تھی۔ اس معاملے پر مفتی بشیر احمد کرم نے انتظامیہ کو متنبہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث شخص کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے، بصورت دیگر بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پنڈ دادن خان ایک پرامن شہر ہے جہاں تمام مکاتب فکر کے لوگ باہمی احترام اور ہم آہنگی کے ساتھ رہتے ہیں، کسی کو بھی شہر کا امن خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ دوسری جانب امن کمیٹی پنڈ دادن خان کے عہدیداران نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پرامن رہیں اور قانون کو ہاتھ میں لینے سے گریز کریں۔ پولیس نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ٹک ٹاکر کو گرفتار کیا اور عوام کو یقین دہانی کرائی کہ واقعے کی تحقیقات اور قانونی کارروائی قانون کے مطابق عمل میں لائی جائے گی۔ مذہبی و عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی شفاف تحقیقات کرکے ذمہ دار کو قانون کے مطابق سزا دلوائی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام ہو اور شہر کا امن برقرار رہے۔

بقیہ 4

میں ہیں۔ تقریباً نصف کلومیٹر پر مشتمل کچے حصے پر دن بھر اڑتی دھول اور مٹی نے شہریوں، مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کے لیے شدید مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ نہری منصوبے پر کام کرنے والے ڈمپرز اور دیگر ہیوی مشینری کے ذریعے مٹی کی کھدائی اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی کا کام دن رات جاری ہے، تاہم مٹی سے لدے ڈمپروں پر ترپال نہ ہونے اور ان کے ٹائروں کے ساتھ چپک کر آنے والی مٹی سڑک پر بکھرنے کے باعث صورتحال مزید خراب ہو رہی ہے۔ گاڑیوں کی آمد و رفت سے یہی مٹی فضا میں گرد و غبار کی شکل اختیار کر لیتی ہے، جس سے حدِ نگاہ متاثر ہوتی ہے اور موٹر سائیکل سواروں، رکشا ڈرائیوروں اور چھوٹی گاڑیوں میں سفر کرنے والوں کو شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ دھول کی شدت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ دن کے اوقات میں بھی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو ہیڈلائٹس روشن کرکے یہ راستہ عبور کرنا پڑتا ہے۔ موٹر سائیکل سواروں کی آنکھوں میں گرد و غبار پڑنے اور حدِ نگاہ متاثر ہونے سے حادثات کا خدشہ بھی بڑھ گیا ہے۔ عوامی حلقوں نے محکمہ انہار، محکمہ مواصلات و تعمیرات (C&W)، متعلقہ تعمیراتی کمپنی، ٹریفک پولیس اور مقامی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ صورتحال کا فوری نوٹس لیا جائے، ڈمپروں کی نقل و حرکت کے لیے ایسا متبادل یا متعین روٹ اختیار کیا جائے جس سے مرکزی شاہراہ پر مٹی کا پھیلاؤ کم سے کم ہو، مٹی سے لدے ڈمپروں کو لازمی ترپال سے ڈھانپنے، ان کے ٹائروں کی صفائی اور متاثرہ سڑک پر باقاعدگی سے پانی کے چھڑکاؤ کو یقینی بنایا جائے۔ پلوں اور برساتی نالوں کے اپروچ ریمپس کو بھی ہنگامی بنیادوں پر مکمل پختہ کر کے اسفالٹ کیا جائے تاکہ زیر تعمیر منصوبے کے اس مختصر حصے پر عوام کو درپیش گرد و غبار اور حادثات کے خطرات سے نجات مل سکے۔

بقیہ 5

لیے ایک اہم موقع ہے جس سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے علاقائی معاہدوں اور سفارتی روابط کو عملی معاشی ثمرات میں تبدیل کیا جانا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے نجی شعبے کی مؤثر شمولیت، تجارتی روابط کے فروغ اور سرحد پار تجارت کی راہ میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد اعلامیے کی متوقع منظوری اور ای سی او وژن 2035 کی منظوری علاقائی روابط، اقتصادی انضمام اور پائیدار ترقی کے لیے ایک مؤثر لائحہ عمل فراہم کرسکتی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ای سی او تجارتی معاہدے (ECOTA) اور ٹرانزٹ ٹرانسپورٹ فریم ورک معاہدے (TTFA) پر عملی پیش رفت ضروری ہے تاکہ تجارتی طریقہ کار کو آسان بنایا جاسکے، نقل و حمل کے اخراجات کم ہوں اور رکن ممالک کے درمیان اشیاء کی نقل و حرکت کو سہل بنایا جا سکے۔ پاکستان کی جغرافیائی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے صدر آئی سی سی آئی نے کہا کہ مجوزہ ازبکستان، افغانستان، پاکستان (UAP) ریلوے منصوبہ علاقائی رابطوں کے فروغ میں گیم چینجر ثابت ہوسکتا ہے، جو وسطی ایشیائی منڈیوں کو پاکستان کی بندرگاہوں سے منسلک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر اور مؤثر ٹرانزٹ سہولیات پاکستان کو ایک اہم علاقائی تجارتی و لاجسٹکس مرکز بنانے کے ساتھ ساتھ وسطی ایشیا کے خشکی میں گھرے ممالک کو عالمی منڈیوں تک بہتر رسائی فراہم کرسکتی ہیں۔ محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ ازبکستان، تاجکستان، کرغزستان، آذربائیجان اور قازقستان کے ساتھ پاکستان کے بڑھتے ہوئے اقتصادی روابط برآمدات، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کے فروغ کے لیے وسیع امکانات رکھتے ہیں تاہم ضروری ہے کہ دوطرفہ معاہدوں اور سفارتی روابط کو عملی کاروباری شراکت داریوں، مشترکہ منصوبوں اور تجارتی حجم میں اضافے میں تبدیل کیا جائے۔ انہوں نے تجویز دی کہ ای سی او ممالک کے درمیان باقاعدگی سے بزنس فورمز، تجارتی نمائشوں، بی ٹو بی ملاقاتوں اور کاروباری وفود کے تبادلوں کا اہتمام کیا جائے تاکہ تاجروں کو نئے مواقع سے روشناس کرایا جاسکے اور علاقائی تجارتی روابط مضبوط ہوں۔ صدر آئی سی سی آئی نے زور دیا کہ ای سی او کے اقتصادی ایجنڈے کو آگے بڑھانے کے لیے نجی شعبے اور چیمبرز آف کامرس کو فعال شراکت دار بنایا جائے کیونکہ کاروباری برادری کے درمیان براہ راست تعاون کے بغیر پائیدار علاقائی اقتصادی انضمام ممکن نہیں۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیا کہ ای سی او کی چیئرمین شپ پاکستان کے اقتصادی اور سفارتی مقام کو مزید مستحکم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی تعاون کی اصل کامیابی کا اندازہ باہمی تجارت میں اضافے، سرمایہ کاری کے فروغ، روزگار کے نئے مواقع اور رکن ممالک کی مشترکہ اقتصادی خوشحالی سے لگایا جائے گا۔

بقیہ 6

ہے جبکہ باقی ماندہ پورشن کا کام بھی جلد ہی مکمل کرلیا جائیگا۔ F-7 مرکز، جناح سپر مارکیٹ میں فٹ پاتھوں کو از سرنو تعمیر کیا جارہا ہے جبکہ مکمل شدہ حصوں کیساتھ بجلی کے خوبصورت پولز و دیدہ زیب لائٹس نصب کی جارہی ہیں۔ مزید برآں، آبپارہ مارکیٹ میں بھی اپ لفٹنگ اور تزئین و آرائش کے کام جاری ہیں۔ ان مراکز میں خوبصورت لینڈ سکیپنگ اور ہارٹیکلچر کے کام بھی کئے جا رہے ہیں اور سیوریج، پارکنگ کی اپگریڈیشن سمیت دیگر کاموں کی جلد تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے تیزی کے ساتھ کام کیا جارہا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر مراکز کی خستہ حال سڑکوں پر پیچ ورک کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اسی طرح مراکز میں شہریوں اور صارفین کے بیٹھنے کیلئے بینچز اور خوبصورت ڈسٹ بینز بھی نصب کیے جا رہے ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے ہدایت کی کہ تمام منصوبوں کو مقررہ ٹائم لائن کیمطابق مکمل کیا جائے اور معیار کو بھی یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کمرشل مراکز کی اپگریڈیشن سے دارالحکومت کے انفراسٹرکچر میں بہتری اور مجموعی طور پر خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 7

ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے۔ ان کی پہلی کتاب کی اشاعت پر ادبی شخصیات اور اپوا کے عہدیداران و اراکین نے انہیں مبارک باد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ یہ کتاب قارئین میں پذیرائی حاصل کرے گی اور سمیرا اشفاق کا ادبی سفر مزید کامیابیوں سے ہمکنار ہوگا۔

بقیہ 8

قرار دیا ہے۔ کتاب کے ٹاپ 50 کے ابتدائی چارٹ میں سعودی قیادت کو نمبر ایک، پاکستانی قیادت کو نمبر 2 اور ترک صدر رجب طیب اردوان کو نمبر 3 پر درج کیا گیا ہے۔ اس کے برعکس کتاب میں خصوصی مضمون جوائنٹ نمبر ون کے خصوصی حصے اور شخصیات کی تصاویر میں پانچوں رہنماں کو مشترکہ پہلی پوزیشن دی گئی ہے۔ فہرست میں ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کو چوتھے نمبر پر رکھا گیا ہے جبکہ اردن کے فرمانروا شاہ عبداللہ دوم پانچویں اور قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی چھٹے نمبر پر ہیں۔ پاکستان کے معروف عالم دین مفتی محمد تقی عثمانی ساتویں پوزیشن پر ہیں اس کے علاوہ ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم تیرہویں اور انڈونیشیا کے صدر پرابووو سوبیانتو سولہویں نمبر پر شامل ہیں۔ واضح رہے کہ اردن کے رائل اسلامک اسٹریٹجک اسٹڈیز سینٹر کی جانب سے شائع کردہ اس فہرست کا 2027 ایڈیشن اس اشاعت کا اٹھارہواں سالانہ ایڈیشن ہے، جس میں اس مرتبہ پہلی بار 5 عالمی رہنماؤں کو مشترکہ طور پر سرفہرست رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 9

مثالی انتظامی یونٹ بنانے کی تجویز زیرغور ہے، جس کا انتظامی سربراہ میئر ہوگا، مجوزہ انتظامی یونٹ کے منتخب ارکان کی تعداد 25 سے 30 رکھنے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ منصوبے میں اسلام آباد کی انتظامی اور جغرافیائی ہیئت تبدیل کرنے کے ساتھ اس کی حدود میں توسیع بھی شامل ہے۔ خیبرپختونخوا کے ضلع ہری پور، راولپنڈی کے بعض علاقوں اور ضلع مری کے حلقہ این اے 51 کے علاقوں کو وفاقی دارالحکومت میں شامل کرنے کی تجاویز زیرغور ہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق گوادر یا دیگر بندرگاہوں کو اسلام آباد کے انتظامی ڈھانچے میں شامل کرنے کا منصوبہ ترک کردیا گیا ہے۔

بقیہ 10

جانب سے جاری کیے گئے خصوصی نغمے کے ذریعے پاکستان پولیس کے افسران اور بہادر جوانوں کی لازوال قربانیوں کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا گیا ہے۔ نغمے کے شاندار بول ہم شہدا ہیں، ہم غازی ہیں، اللہ اکبر ملکی دفاع کے لیے پاکستان پولیس کے عزم اور قربانیوں کی عکاسی ہیں۔ پاکستان پولیس کے افسران اور جوان دن رات اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر ملک میں امن و امان کے قیام کے لیے کوشاں ہیں۔ نغمے کے ذریعے پوری قوم کی جانب سے پاکستان پولیس کی گراں قدر خدمات پر اظہار تشکر کیا گیا ہے۔ پاکستان پولیس کے غازیوں اور شہدا کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر اور روشن باب ہیں۔

بقیہ 11

کا شہر کولکتہ 253 اے کیو آئی کے ساتھ دوسرے اور بنگلہ دیش کا دارالحکومت ڈھاکا 190 انڈیکس کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ شہر میں ہوا کی رفتار 5 کلومیٹر فی گھنٹہ جبکہ سمت شمال مغربی ہے، دوپہر کے اوقات میں ہواؤں کی رفتار 11 کلومیٹر فی گھنٹہ تک بڑھنے کی توقع ہے، جس سے فضائی آلودگی میں بھی بہتری آنے کا امکان ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پنجاب بھر میں انسدادِ سموگ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے جبکہ آلودگی کے مقامی ذرائع کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کردی گئی ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں پر صنعتی یونٹس، اینٹوں کے بھٹوں، پلاسٹک اور کمرشل ککنگ پوائنٹس کے خلاف کارروائیاں کی گئیں اور لاکھوں روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ پنجاب بھر میں 272 صنعتی یونٹس کی انسپکشن کی گئی، خلاف ورزی پر 11 یونٹس سیل اور 2 مسمار کر دیے گئے جبکہ 13 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اینٹوں کے بھٹوں کے خلاف کارروائی کے دوران 513 بھٹوں کی انسپکشن کی گئی۔ خلاف ورزی پر 24 بھٹے سیل، 6 مسمار اور 8 مقدمات درج کیے گئے جبکہ 18 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ غیر معیاری پلاسٹک کے خلاف کارروائی میں 183 مقامات کی انسپکشن کی گئی اور 294 کلوگرام پلاسٹک ضبط کیا گیا، خلاف ورزی پر 30 ہزار روپے جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ دھوئیں کے اخراج پر قابو پانے کے لیے 92 باربی کیو اور کمرشل ککنگ پوائنٹس کی چیکنگ کی گئی، جن میں سے 58 مقامات پر سکشن ہڈز نصب کیے گئے جبکہ 3 مقامات سیل کر دیے گئے۔ حکام کے مطابق کمرشل کچنز اور باربی کیو پوائنٹس پر سکشن ہڈز کی تنصیب کے ساتھ ان کی مؤثر فعالیت یقینی بنانے کیلئے بھی نگرانی سخت کردی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر ڈرون سکواڈ، نائٹ سکواڈ اور پاک آئی فیلڈ اسکواڈ بھی متحرک ہیں، دن رات نگرانی اور خلاف ورزیوں پر فوری کارروائی جاری ہے۔ کلائمیٹ واچ کے سائنسی ڈیٹا کی بنیاد پر ہواؤں کی رفتار، سمت اور فضائی آلودگی کی مسلسل مانیٹرنگ کی جارہی ہے جبکہ موسمی حالات کے مطابق انسدادِ سموگ حکمت عملی پر عملدرآمد جاری ہے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کے مطابق موسمی حالات حکومت کے اختیار میں نہیں، تاہم آلودگی کے مقامی ذرائع کو کنٹرول کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس معاملے میں کوئی نرمی نہیں برتی جارہی۔ انہوں نے کسانوں پر زور دیا کہ وہ فصلیں نہ جلائیں جبکہ شہریوں سے بھی اپیل کی کہ کسی قسم کا دھواں پیدا نہ کریں اور ماحول کا خیال رکھیں۔

بقیہ 12

آرڈیننس صدر مملکت آصف علی زرداری کو ارسال کر دیا ہے، جسے شہباز شریف کی ایڈوائس پر جلد جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ مجوزہ آرڈیننس کے تحت ایمرجنسی کے دوران گورنر کو وسیع اختیارات حاصل ہوں گے، جبکہ صوبے کے 12 خصوصی اضلاع سے متعلق بھی گورنر کے اختیارات میں اضافہ کیا جائے گا۔ حکومتی ذرائع کے مطابق اسی آرڈیننس کی وجہ سے قومی اسمبلی کا اجلاس دوبارہ طے کیا گیا ہے، کیونکہ اجلاس طلب ہونے کی صورت میں آرڈیننس جاری نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 13

موسمیات کے مطابق آج صبح ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت کے مطابق اسلام آباد میں 12، لاہور میں 19، کراچی میں 24، پشاور میں 15، کوئٹہ میں 4، گلگت میں 6، مری میں 7 اور مظفرآباد میں 10 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب مقبوضہ جموں وکشمیر میں موسم کی صورتحال کے حوالے سے محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ سری نگر میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے اور ہلکی بارش کا امکان ہے، جبکہ لیہہ، پلوامہ، اننت ناگ، شوپیاں اور بارہ مولہ میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے ساتھ ہلکی برف باری متوقع ہے۔ جموں میں موسم ابر آلود اور خشک رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مقبوضہ کشمیر کے مختلف علاقوں میں آج صبح ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت میں سری نگر، اننت ناگ اور شوپیاں میں 8، جموں میں 17، لیہہ میں منفی 3، پلوامہ اور بارہ مولہ میں 7 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ 14

قانونی کان کنی میں استعمال ہونے والی تمام بھاری مشینری نذر آتش کر دی گئی۔ کارروائی کے دوران ملوث عناصر کے قبضے سے بھاری نقدی اور غیر قانونی کان کنی کا سامان برآمد ہوا ہے۔ غیر قانونی کان کنی مافیا کے خلاف گرینڈ آپریشن میں فرض کی ادائیگی کے دوران کے پی پولیس کے بہادر جوانوں نے جام شہادت بھی نوش کیا۔ حکام کے مطابق خیبر پختونخوا میں قانون کی عملداری یقینی بنانے کے لیے صوبائی حکومت اور انتظامیہ سرگرم عمل ہے۔

بقیہ 15

اور متوسط طبقے کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ اوگرا کی جانب سے مقرر کردہ سرکاری نرخوں کو نظر انداز کرتے ہوئے مقامی ڈیلرز اور منافع خوروں نے من مانی قیمتیں وصول کرنا شروع کر رکھی ہیں۔ شہریوں نے کہا کہ سردی کی آمد کے ساتھ ہی گیس مافیا نے مصنوعی قلت پیدا کر کے قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا ہے، جس سے گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ اور حکومت سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ تحصیل شکرگڑھ میں بھی پشاور کی طرز پر گرینڈ آپریشن کیا جائے، جہاں حالیہ کارروائیوں کے دوران ناجائز منافع خوری اور غیر قانونی ری فلنگ میں ملوث بڑے بڑے ایل پی جی پلانٹس کو سیل کر دیا گیا تھا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جب تک بڑے ڈیلرز اور پلانٹس کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی، تب تک غریب عوام کو ریلیف ملنا ناممکن ہے۔

بقیہ 16

دکان کے ساتھ دیگر چار دکانیں بھی آگ سے متاثر ہوئیں۔ پولیس حکام کے مطابق کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 17

آ گئی۔ سامنے آنے والی آڈیو میں شرپسند عناصر بچیوں پر فائرنگ اپنے ہی مسلح کارکنوں سے ہونے کا برملا اعتراف کر رہے ہیں۔ آڈیو میں فسادی جتھے کے کارندوں کی طرف سے سیکیورٹی فورسز کو واقعے کا ذمہ دار ٹھہرانے کی منصوبہ بندی کی جارہی ہے۔

بقیہ 18

آئی بی ایم ایس اسٹاپ لسٹ میں شامل تھے۔ ایف آئی اے امیگریشن نے خاتون کے اغوا کے مقدمے میں مطلوب ملزم محمد ارسلان کو سعودی عرب فرار ہونے کی کوشش کے دوران گرفتار کیا۔ ملزم محمد ارسلان کے خلاف رواں سال ساہیوال میں خاتون کے اغوا کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ دوسری کارروائی میں قتل کے مقدمے میں گزشتہ 6 سال سے پنجاب پولیس کو مطلوب ملزم محمد خان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ملزم محمد خان کو متحدہ عرب امارات سے پاکستان پہنچنے پر ملتان ایئرپورٹ پر گرفتار کیا گیا، ملزم کے خلاف سال 2021 میں تھانہ تونسہ، ضلع ڈیرہ غازی خان میں قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 19

ضرورت ہے۔ جرائم سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مزید مؤثر اور فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قانون کی بالادستی، عوام کے تحفظ اور جرائم کے خاتمے کے لیے اجتماعی کوششیں ضروری ہیں۔ پرامن، محفوظ اور جرائم سے پاک معاشرے کی تشکیل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب میں جرائم کی مجموعی شرح میں تقریباً 70 فیصد تک کمی کا رجحان خوش آئند ہے۔ لاہور میں جرائم کی شرح میں مجموعی طور پر 41 فیصد، ڈیرہ غازی خان میں 16، بہاولپور میں 52، شیخوپورہ میں 32 فیصد کمی آئی ہے۔ ملتان میں جرائم میں مجموعی طور پر 47 فیصد، راولپنڈی 36، ساہیوال 42، گوجرانوالہ میں 67 اور گجرات میں 58 فیصد کمی آئی ہے۔ پنجاب میں ڈسٹرکٹ سیف سٹی اتھارٹیز، موبائل پولیس سٹیشن اور ڈیجیٹل سمارٹ پولیسنگ سے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جرائم پیشہ نیٹ ورکس کے مکمل خاتمے کے لیے باہمی تعاون اور مشترکہ حکمت عملی ضروری ہے۔ منظم جرائم کے خلاف جنگ میں جدید ٹیکنالوجی اور انٹیلی جنس شیئرنگ اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ قانون کی حکمرانی کے بغیر جرائم سے پاک معاشرے کا قیام ممکن نہیں۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ریاست کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ خواتین اور بچوں کو انسانی اسمگلنگ اور استحصال سے محفوظ بنانا اجتماعی ذمہ داری ہے۔ نوجوانوں کو منشیات اور جرائم پیشہ سرگرمیوں سے محفوظ رکھنا ہماری ترجیح ہے۔ عوام میں شعور اور آگاہی منظم جرائم کی روک تھام میں مؤثر کردار ادا کرسکتی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ محفوظ معاشرے کے لیے پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی استعداد کار بڑھانا ضروری ہے۔ جرائم کے خلاف جنگ میں عالمی اداروں اور متعلقہ ممالک کے درمیان تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پرامن، محفوظ اور انصاف پر مبنی معاشرے کی تشکیل کے لیے پرعزم ہیں۔

بقیہ 20

کاشت کی سب سے بڑی مہم شروع کی ہے جس کے تحت شہر بھر میں پھولوں کی 13 ہزار 853 کی کیاریاں تیار کی گئی ہیں۔ گزشتہ برس یہ تعداد 9 ہزار 505 تھی۔ اس طرح پھولوں کی کیاریوں کی تعداد میں تقریباً 46 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی ایجنسیوں نے بھی موسم سرما کے پھولوں کی بڑے پیمانے پر شجرکاری کی ہے۔ بہاول پور 4 لاکھ 17 ہزار پودوں کے ساتھ سرفہرست ہے جبکہ راولپنڈی میں 3 لاکھ 95 ہزار، گوجرانوالہ میں 2 لاکھ 90 ہزار، ساہیوال میں 2 لاکھ 15 ہزار اور گجرات میں 2 لاکھ پھولدار پودے لگائے گئے ہیں۔ اسی طرح ڈیرہ غازی خان میں ایک لاکھ 60 ہزار، فیصل آباد میں ایک لاکھ سے زائد، سیالکوٹ میں 35 ہزار، ننکانہ صاحب میں 20 ہزار، مری میں 13 ہزار 943، خوشاب میں 6 ہزار 950 اور ملتان میں 6 ہزار پھولدار پودے لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پھولوں کی کاشت میں گیندے کو نمایاں حیثیت حاصل ہے

بقیہ 21

کے جنرل سیکرٹری وممبر سٹاف ویلفیئر کمیٹی چوہدری محمد یاسین نے سی ڈی اے بورڈ اور سٹاف ویلفیئر کمیٹی کے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے بطور نمائندہ ورکرز سٹاف ویلفیئر کمیٹی کی میٹنگ میں ملازمین کو ملنے والی مراعات میں اضافے کا مطالبہ کیا جس کو متفقہ طور پر منظور کرلیا گیا جس میں میرج گرانٹ کو دو لاکھ سے بڑھا کر چھ لاکھ، ڈیتھ گرانٹ میں ایک لاکھ سے دو لاکھ روپے تک اضافہ، بچوں کے اسکالرشپ میں چالیس ہزار سے اسی ہزار روپے تک کا اضافہ کر دیا گیا اس کے علاوہ ملازمین کی سہولت کے لیے ایک کروڑ سے زائد رقم کی نئی کفن کیریئر بھی خریدی گئی۔ اس کے ساتھ ساتھ کمیونٹی سینٹرز اور شادی ہال کی تعمیر کی بھی منظوری دی گئی۔ ان تمام فیصلوں پر فوری عمل درآمد ہوگا۔ سی ڈی اے مزدور یونین کا مقصد ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کی مراعات و سہولیات کو مزید بہتر بنانا ہے اور ان فیصلوں سے یقینی طور پر ملازمین کو بھرپور فائدہ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ انشاء اللہ ملازمین کے پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے حوالے سے بھی جدوجہد جاری ہے اور امید ہے کہ سی ڈی اے انتظامیہ عدالتوں کے فیصلوں پر عمل درآمد کو یقینی بنائے گی اور اس کے علاوہ دیگر درپیش مسائل کو بھی حل کیا جائے گا۔

بقیہ 22

''سیہام باری'' ادارہ اور پنجاب حکومت کا بھرپور تعاون میں پیش پیش ہے، زیتون کی کاشت میں پنجاب کا خطہ پوٹھوہار، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے بعض علاقے شامل ہیں۔ اطالوی حکومت کے ادارہ برائے ترقیاتی تعاون کے ذریعے اولیو کلچر اسکیل اپ منصوبے کی معاونت کرتی ہے جو زیتون کے کاشت کاروں اور مل چلانے والوں کو تربیت فراہم کرتا ہے۔ منصوبے پر عمل درآمد ادارہ سیہام باری، پاکستان کی وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے ساتھ شراکت میں کرتا ہے۔ رواں سال نومبر میں پاکستان جرنل آف ایگریکلچرل ریسرچ میں شائع ہونے والی چھ سالہ تحقیق میں چکوال، کلر کہار اور تلہ گنگ میں اربیکینا قسم کے زیتون کی چنائی کیلئے آٹھ تاریخیں آزمائی گئیں لیکن نومبر کے وسط میں توڑے گئے پھل سے اوسطاً سب سے زیادہ تیل حاصل ہوا ہے، جون 2026 میں پاکستان کی وزارتِ قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے مطابق ملک میں کاشت کیئے گئے زیتون کے درختوں کی تعداد 70 لاکھ سے زیادہ ہے اور تیل نکالنے کے 51 یونٹ موجود ہیں۔ بین الاقوامی زیتون کونسل کے تخمینے کے مطابق فصل کے سال 2024/25 میں پاکستان میں تقریباً 1500 ٹن زیتون کا تیل تیار ہوا اور تقریباً 3,500 ٹن درآمد کیا گیا۔ رواں سال 24 اگست کو وزیراعظم شہباز شریف نے زیتون کی قومی ویلیو چین پالیسی اور 2030 تک اس پر عمل درآمد کے روڈ میپ کا اجرا کیا تھا۔

بقیہ 23

اقدامات کے لیے رواں ہفتے 3 ارب روپے فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، اس منصوبے کے لیے مجموعی طور پر تقریباً 9.7 ارب روپے کی منظوری دی جا چکی ہے جبکہ پہلے مرحلے کو 30 مارچ تک مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں مالی سال میں پانچ ارب اور آئندہ مالی سال میں مزید پانچ ارب روپے فراہم کیے جائیں تو ریلوے کراسنگز پر حادثات میں نمایاں کمی لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے سندھ اور خیبر پختونخواہ کی حکومتوں سے بھی تعاون کی درخواست کی جبکہ بلوچستان سے بھی رابطہ جاری ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ پنجاب حکومت نے آٹھ برانچ ریلوے روٹس کی اپ گریڈیشن کے لیے 5 ارب روپے فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ان روٹس پر ڈیزل ملٹی پل یونٹ ٹرینیں چلانے کا منصوبہ ہے۔

بقیہ 24

ہے۔ سابق بھارتی ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ کے بیانات کے بعد بھارتی حکومت کی جانب سے فضائیہ کیخلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ ریٹائرمنٹ سے 4 روز قبل سابق ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے ریس کورس اراضی تنازع پر وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کو خط لکھا، جس میں نئی دہلی کے ریس کورس ایئرفورس اسٹیشن کی 40 ایکڑ سے زائد اراضی بھارتی فضائیہ کے کنٹرول میں برقرار رکھنے کا مطالبہ کیا گیا۔ یاد رہے کہ مودی حکومت کی ایما پر وزارت ہاسنگ اینڈ اربن افیئرز نے ریس کورس ایئرفورس اسٹیشن میں واقع فضائیہ کا اسپورٹس کمپلیکس سیل کر دیا تھا۔ مودی سرکار کے انتقامی اقدام کے باعث اسپورٹس کمپلیکس میں 31 اکتوبر کو شیڈول ایئر چیف کی الوداعی گالف تقریب بھی منسوخ کر دی گئی تھی۔ بھارتی جریدے انڈین ایکسپریس کے مطابق بھارتی فضائیہ کے اسپورٹس کمپلیکس کی بندش سے 5 ہزار اہلکاروں کی تربیتی و سیکیورٹی سہولیات متاثر جبکہ 300 سے زائد ملازمتیں خطرے میں ہیں۔

بقیہ 25

قوانین پر عملدرآمد انسانی جانوں کے تحفظ کے لیے ناگزیر ہے، تیز رفتاری، لاپرواہی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا سبب بنتی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ محفوظ سفر کے لیے ٹریفک قوانین کی پابندی ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کا استعمال حادثات میں جانی نقصان کم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ روڈ سیفٹی سے متعلق عوامی شعور اجاگر کرنا ناگزیر ہے۔ محفوظ سڑکیں اور ذمہ دارانہ ڈرائیونگ حادثات سے پاک محفوظ معاشرے کی بنیاد ہے۔

بقیہ 26

آدھی رات کو تیز رفتار کار ڈرائیور سے بے قابو ہوکر بجلی کے کھمبے سے جا ٹکرائی۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ حادثے کے بعد گاڑی میں موجود افراد مبینہ طور پر گاڑی سے نمبر پلیٹ اتار کر فرار ہوگئے۔

بقیہ 27

ہے، 80 فیصد سونا افغانستان اسمگل ہونے کا الزام سنگین ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختیار ولی کا 4 ارب کا سونا نکالے جانے کا الزام مضحکہ خیز ہے، مطالبہ کرتے ہیں کہ غیر قانونی کان کنی کے الزامات کے ثبوت سامنے لائے جائیں۔ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے ترجمان نے کہا کہ صوبے کی پورے سال کی آمدن صرف 150 ارب روپے ہے، روزانہ 4 ارب آمدن ہو تو ٹھیکہ اختیار ولی کو دے دینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اتنی آمدن ہوتی تو خیبر پختونخوا پیرس بن چکا ہوتا، معدنی وسائل سے آمدن بڑھانا غیر قانونی نہیں، سائنسی بنیادوں پر کان کنی کیلئے سرمایہ کاری خوش آئند ہے۔

بقیہ 28

ملتان تک تقریباً 449 کلومیٹر طویل ٹریک کے لیے فنڈز کا انتظام کیا جارہا ہے، 150 سال پرانے تاریخی روہڑی جنکشن کو اپ گریڈ کرنے کے بعد 15 جنوری کو افتتاح کیا جائے گا، سیلاب سے متاثرہ فیصل آباد، لاہور ریلوے سیکشن کو پاکستان ریلوے کے ملازمین کی محنت، لگن اور مؤثر انتظامی حکمت عملی کے باعث صرف 45 روز میں بحال کر دیا گیا ہے۔ فیصل آباد، لاہور ریلوے سیکشن کی بحالی منصوبے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر حنیف عباسی نے کہا کہ 27 جولائی 2026 کو سیلاب کے باعث اس سیکشن کی تقریباً 1500 فٹ پٹری بہہ گئی تھی، کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کرنے، فزیبلٹی رپورٹ تیار کرنے اور فنڈز کا انتظام کرنے سمیت تمام ضروری مراحل مکمل کرنے کے بعد 23 ستمبر کو بحالی کا کام شروع کیا گیا۔ منصوبے کی تکمیل کے لیے 60 روز کا ہدف مقرر کیا گیا تھا تاہم ریلوے ٹیموں نے اسے 45 روز میں مکمل کرلیا۔ انہوں نے مزدوروں کی خدمات کو سراہتے ہوئے بحالی کے منصوبے میں حصہ لینے والے کارکنوں کے لیے خصوصی نقد انعامات کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں ریلوے ملازمین کو کئی کئی ماہ تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر کا سامنا کرنا پڑتا تھا تاہم اب ملک بھر میں ملازمین کو بروقت تنخواہیں اور واجبات ادا کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سیکشن کی بحالی سے شالیمار ایکسپریس، قراقرم ایکسپریس، بدر ایکسپریس، غوری ایکسپریس اور راوی ایکسپریس سمیت دیگر ٹرینوں کی آمدورفت بحال ہوگی جبکہ گڈز ٹرین 503 بھی دوبارہ چل سکے گی۔ وفاقی وزیر حنیف عباسی نے کہا کہ 10 سے 20 جنوری کے درمیان 14 ٹرینیں چلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ 43 جی ای یو فوری تھری انجنوں میں مطلوبہ چھ ٹریکشن موٹرز کے بجائے صرف دو یا تین موٹرز استعمال ہورہی تھیں جس سے ان کی 3400 ٹن وزن کھینچنے کی صلاحیت متاثر ہورہی تھی۔

بقیہ 29

جائے حادثہ پر پہنچ کر قانونی کارروائی کے بعد لاش مردہ خانے منتقل کردیں۔

بقیہ 30

برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق حماس کے ذرائع نے بتایا ہے کہ جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں ہونے والے ایک اسرائیلی فضائی حملے میں کمانڈر سمیر ابو یونس جاں بحق ہوگئے۔ طبی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ حملہ خان یونس کے علاقے المواسی میں ایک سڑک پر کیا گیا جس میں سمیر ابو یونس جان سے گئے جبکہ متعدد افراد زخمی بھی ہوئے۔ غزہ کی سول ڈیفنس ایجنسی کے ترجمان محمود بسال نے بتایا کہ امدادی کارکنوں نے 53 سالہ سمیر ابو یونس کی لاش برآمد کرلی ہے، حملے میں دو افراد زخمی بھی ہوئے۔

بقیہ 31

خطرہ ٹل جانے کا اعلان کر دیا۔ بعدازاں یمن میں قانونی حکومت کی حمایت کرنے والے اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر بتایا کہ سعودی فضائی دفاعی نظام نے دارالحکومت ریاض کو نشانہ بنانے والے دو بیلسٹک میزائل فضا میں ہی تباہ کردیے۔ میجر جنرل ترکی المالکی کے مطابق مشرقی صوبے کی جانب بھیجے گئے تین ڈرونز کو بھی راستے میں مار گرایا گیا۔ یہ تازہ حملے ایسے وقت میں ہوئے ہیں جب حوثی ملیشیا کے حالیہ ہفتوں کے دوران سعودی عرب کے ہوائی اڈوں، فوجی تنصیبات اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو مسلسل نشانہ بنا رہے ہیں۔

بقیہ 32

سال کی لڑکی کی حالت تشویشناک ہونے پر اسے ٹیچنگ ہسپتال ساہیوال بھجوا دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعہ مبینہ طور پر گھریلو ناچاقی کے باعث پیش آیا، معاملے کی مزید تفتیش شروع کر دی گئی۔

بقیہ 33

نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نہ اس روز اور نہ ہی اس سے پہلے انتظار پنجوتھا کو ہٹانا چاہتے تھے۔ نعیم پنجوتھا کے مطابق اب جو بھی بات ہوگی، براہ راست بانی پی ٹی آئی سے ہوگی، وقت کا انتظار ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو باہر نکالنے کے بجائے یہاں اپنے ہی لوگوں کی ٹانگیں کھینچی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمارا لیڈر باہر آ کر رہے گا۔

بقیہ 34

دونوں رہنماؤں نے علاقائی امور پر باہمی رابطوں کو مزید مضبوط بنانے اور خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے جاری کوششوں کو آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو قاہرہ کے دورے کی دعوت کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مصری وزیر خارجہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے دعوت کا مثبت جواب دیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطے برقرار رکھنے اور مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 35

منسوخ ہوئیں، جبکہ 7 ہزار 542 تاخیر کا شکار رہیں، یہ تعداد فیڈرل ایوی ایشن اتھارٹی کے سربراہ برائن بیڈفورڈ کی صبح کی پیش گوئی سے بھی زیادہ ہے۔ انہوں نے گزشتہ روز کی 41 ہزار طے شدہ پروازوں میں سے 4 سے 5 ہزار کی منسوخی کا اندازہ لگایا تھا۔ دنیا بھر میں گزشتہ روز 6 ہزار 843 پروازیں منسوخ اور 19 ہزار 927 تاخیر کا شکار ہوئیں، جن میں بڑی تعداد امریکی پروازوں سے منسلک ہے۔ بڑی فضائی کمپنیوں میں جیٹ بلیو سب سے زیادہ متاثر ہوئی، جس کی تقریباً 45 فیصد پروازیں منسوخ ہوئیں، امریکن ایئر لائنز، یونائیٹڈ ایئر لائنز اور ڈیلٹا ایئرلائنز نے اپنے شیڈول کی تقریباً ایک چوتھائی پروازیں منسوخ کیں، ایئرلائنز نے متاثرہ مسافروں کو بغیر اضافی فیس کے دوسری تاریخوں پر سفر کی سہولت دینے کا اعلان کیا ہے۔ ایئرپورٹس میں شکاگو کا اوہیئر سب سے زیادہ متاثر رہا، جہاں دوپہر 2 بجے تک 559 سے زائد پروازیں منسوخ ہو چکی تھیں، جبکہ شکاگو مڈوے پر 68 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ اٹلانٹا کے ہارٹس فیلڈ جیکسن ایئرپورٹ پر، جو ڈیلٹا کا بڑا مرکز ہے، دوپہر ساڑھے بارہ بجے تک 479 پروازیں منسوخ ہوئیں۔ ٹیکساس میں ڈیلاس فورٹ ورتھ ایئرپورٹ پر صبح 9 بجے تک تقریباً 300 پروازیں منسوخ ہو چکی تھیں، کئی مسافروں نے رات ایئرپورٹ پر گزاری، اور سب سے زیادہ مشکلات ان مسافروں کو پیش آئیں جنہیں ڈیلاس سے آگے کی پروازیں لینی تھیں۔ ہیوسٹن کے جارج بش انٹرکانٹی نینٹل ایئرپورٹ پر شام تک 310 سے زائد پروازیں منسوخ ہوئیں، جبکہ ہابی ایئرپورٹ پر بھی منسوخی اور تاخیر کا سلسلہ جاری رہا۔ امریکی محکمہ ٹرانسپورٹ کے مطابق فضائی حدود کھلی ہیں اور روانگیاں محفوظ طریقے سے جاری ہیں، تاہم مسافروں کو مزید منسوخیوں اور تاخیر کے لیے تیار رہنا چاہیے، ایئرلائنز کو جہاز اور عملہ دوبارہ مقررہ ایئرپورٹس تک پہنچانے اور مسافروں کی دوبارہ بکنگ میں مشکلات کا سامنا ہے۔ حکام کو توقع ہے کہ گزشتہ رات تک ایئرلائنز اپنا مکمل شیڈول بحال کرلیں گی۔

بقیہ 36

نسبت 16 فیصد زیادہ ہے۔

بقیہ 37

پلیٹ فارم ایکس (X) پر ممکنہ خطرات سے متعلق دو الگ الگ انتباہات جاری کیے۔ ستمبر کے بعد یہ پہلا موقع ہے کہ خلیجی ملک بحرین کی جانب سے اس نوعیت کے انتباہات جاری کیے گئے ہیں، بحرینی وزارت داخلہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں عوام سے پرسکون رہنے کی اپیل کی اور کہا کہ لوگ صورتحال سے متعلق معلومات کے لیے صرف سرکاری ذرائع اور سرکاری چینلز پر انحصار کریں۔ ادھر سعودی عرب میں قائم امریکی سفارت خانے نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں کو اضافی احتیاط برتنے اور سیکیورٹی صورتحال سے باخبر رہنے کی ہدایت کی ہے۔ سفارت خانے کے مطابق حوثی حملوں اور ایران کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کے تناظر میں امریکی شہری محتاط رہیں اور اپنے اردگرد کے حالات پر نظر رکھیں

بقیہ 38

شدید دھند کے باعث موٹروے ایم 5 کو روہڑی سے پنوں عاقل تک ٹریفک کے لیے بند کردیا گیا تھا، ترجمان موٹروے پولیس کی جانب سے شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ دھند کے دوران غیرضروری سفر سے گریز کریں اور سفر کے لیے دن کی روشنی کو ترجیح دیں۔

بقیہ 39

اغوا، پولیس پر فائرنگ اور جوانوں کو للکارنے سمیت 100 سے زائد مقدمات میں مطلوب خطرناک اشتہاری انعام ونیس عرف انعاموں اپنے ساتھی وقاص سمیت مارا گیا۔ جن کے قبضہ سے اسلحہ اور خطرناک ہتھیار برآمد کرکے ان کی نعشوں کو ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا گیا اور پولیس کی علاقہ میں دیگر ملزمان کی تلاش میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ اس بڑے اور ٹارگٹ آپریشن میں ڈی پی او توقیر محمد نعیم ایس پی عمران چڈھر اور سی ڈی کے حکام شریک رہے۔ جن کا کہنا ہے کہ مجرم جتنا بھی شاتر یا ہوشیار ہوں وہ کبھی بھی قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے اس وقت سرگودھا پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف پوری طرح متحرک ہے۔

بقیہ 40

کی درخواست اس وقت تک پراسیس یا حتمی منظور نہیں ہوگی جب تک اس کی مطلوبہ تعلیمی ڈگریوں اور اسناد کی ایچ ای سی سے باقاعدہ تصدیق نہ ہو جائے۔ تصدیقی رپورٹ یا دستاویز کا پنجاب بار کونسل کے سرکاری ریکارڈ میں موجود ہونا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ اس سے قبل ایک ماہ کی آخری توسیع دی گئی تھی جس کی مدت بھی ختم ہوچکی ہے تاہم انڈرٹیکنگ کی بنیاد پر انرولمنٹ کا عمل جاری رہنے کا نوٹس لیا گیا ہے۔ پنجاب بار کونسل کی تمام متعلقہ برانچوں اور افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ ان احکامات کے برخلاف کسی بھی انرولمنٹ کیس کو پراسیس یا اس کی سفارش نہ کی جائے۔ مزید برآں ایچ ای سی سے بعد ازاں تصدیق کروانے کی یقین دہانی یا کسی انڈرٹیکنگ کی بنیاد پر کسی قسم کی رعایت یا استثنیٰ نہیں دیا جائے گا۔ وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چوہدری قیصر نذیر احمد ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چوہدری ارشد علی ہنجرا نے کہا کہ تعلیمی اسناد کی پیشگی تصدیق سے وکالت کے شعبے میں میرٹ اور شفافیت کو فروغ ملے گا۔ اس اقدام سے قانونی پیشے میں داخلے کے لیے مقررہ تعلیمی معیار پر عملدرآمد یقینی بنایا جاسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اسناد کی مستند جانچ پڑتال سے اہل اور مستحق امیدواروں کی حوصلہ افزائی ہوگی جبکہ انرولمنٹ کے عمل میں غیرضروری پیچیدگیوں اور بے ضابطگیوں کی روک تھام ممکن ہوسکے گی۔

بقیہ 41

کا ڈی پی او توقیر محمد نعیم نے نوٹس لیتے ہوئے ایس ڈی پی او شاہ پور سے رپورٹ طلب کرلی اور پولیس کو گاڑی اور ڈرائیور کی فوری گرفتاری کا ٹاسک دے دیا۔

بقیہ 42

وزیر خارجہ کو اجلاس میں شرکت کی دعوت نہیں دی گئی۔ اجلاس میں علاقائی تجارت کے فروغ، ٹرانسپورٹ، توانائی کے شعبوں میں تعاون اور وسطی ایشیا کو عالمی منڈیوں سے منسلک کرنے کے امکانات پر بات ہوگی۔

بقیہ 43

کرنے کی مزید ویڈیوز بھی سامنے آگئیں، جن میں خارجی دہشت گردوں کو مسجد میں آتشیں اسلحہ اور بھتے کی رقم سمیت واضح طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔ خارجی دہشت گردوں کی طرف سے مساجد کی حرمت پامال کرنے اور ناچ گانے کی ویڈیوز پہلے بھی منظر عام پر آ چکی ہیں۔ فتنہ الخوارج کے شرپسند عناصر مساجد کو دہشتگردی کی منصوبہ بندی اور شہریوں سے بھتہ وصولی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ فتنہ الخوارج کی یہ ویڈیوز اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ ان شرپسند عناصر کا نہ تو شریعت اور نہ ہی اسلام سے کوئی تعلق ہے۔

بقیہ 44

کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ 1106 اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جا چکی ہے۔ عوامی شکایات درست ثابت ہونے پر 738 اہلکاروں کو مقدمات کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ ہر شکایت پر انکوائری کے بعد قصوروار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ و قانونی کارروائی ہوتی ہے۔ کارروائی کا سامنا کرنے والے اہلکار دوبارہ عوامی رابطے والی سیٹ پر تعینات نہیں ہوں گے۔ براہ راست رابطے سے شہری اب بلاخوف پولیس اہلکاروں کے خلاف بھی شکایات درج کرا رہے ہیں۔ فیصل کامران نے کہا کہ سال 1994 میں قتل کے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل کی یقین دہانی کرائی گئی۔ پرانے مقدمات بھی ترجیحی بنیادوں پر دیکھے جارہے ہیں۔

بقیہ 45

گئے ہیں جہاں مختلف اقسام کی مصنوعات کو دیدہ زیب انداز میں نمائش کے لیے رکھا گیا ہے۔ ان مصنوعات میں فٹ بال، ہاتھ سے تیار کردہ قالین، کراکری، جوتے، دستکاری کی اشیاء، شالیں اور دیگر ہینڈی کرافٹس شامل ہیں۔ موبائل ڈسپلے ٹرک کو مختلف عوامی مقامات اور اہم مقامات پر کھڑا کیا جاتا ہے جہاں شہری مصنوعات میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے خریداری بھی کر رہے ہیں۔ اس اقدام کے ذریعے جیلوں میں جاری ووکیشنل ٹریننگ اور بحالی نو کے عمل کو عملی طور پر فروغ مل رہا ہے۔ مصنوعات کی فروخت سے حاصل ہونے والی آمدن قیدیوں کو فراہم کی جاتی ہے تاکہ وہ اپنی محنت کا مالی فائدہ حاصل کرسکیں اور رہائی کے بعد باعزت روزگار کے مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ محکمہ جیل خانہ جات کے ہیڈ آفس کے باہر بھی قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات کی نمائش اور فروخت کے لیے مستقل ڈسپلے سنٹر قائم کیا گیا ہے۔

بقیہ 46

تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ 47

افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جارہا ہے، عبادت کے لیے آنے والے افراد کی سیکورٹی کو یقینی بناتے ہوئے ان سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایات، اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس 16 نومبر 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (این ای این) آئیسکو نے معزز صارفین کو ہمیشہ سے بہترین سروسز اور بجلی کی بلاتعطل ترسیل یقینی بنائی ہے۔ آئیسکو کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس / کنسٹرکشن ورکس کے باعث آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال، جہلم سرکلز اور جی ایس او سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 16 نومبر 2026 بروز سوموار: اسلام آباد سرکل: صبح 8 بجے سے دوپہر 2 بجے تک محفوظ شہید/شہزاد ٹاؤن فیڈرز جبکہ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک آبپارہ، شہزاد ٹاؤن، سپر مارکیٹ، جی ایٹ ٹو، برما، وحید آباد، کھنہ ڈاک، ترمڑی، لہتراڑ، طفیل شہید، فیصل مسجد، جی نائن ون، ایف ایچ ایس، نیو آئی ٹین ون، نیو ایکسچینج، جی فورٹین تھری، شاہ اللہ دتہ، بھارہ کہو-II، بھارہ کہو، بیروٹ، پیر سوہاوہ، منگیال، بلاوڑہ، نیوی-2 فیڈرز پر بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ راولپنڈی سٹی سرکل: صبح 8 بجے سے دوپہر 12 بجے تک اے بلاک فیڈر جبکہ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک لنگال، ایئرپورٹ، نواز کالونی، بی پی ایچ، ابوبکر، غوثیہ کالونی، ای بلاک، نیو ملپور، شکریال، کھنہ روڈ، سروس روڈ، گلزار قائد، اے بلاک، منگال، گلزار شہید، لیاقت باغ، فوارہ چوک، اصغر مال، ذیشان کالونی، گنج بھاٹہ، چیرنگ کراس، آفیسر کالونی، امیر حمزہ کالونی، بجنیال، بجنیال-II، آئی-14/3، آئی-16/4، رتہ اور ریلوے کالونی فیڈرز۔ راولپنڈی کینٹ سرکل: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیو 502 ورکشاپ، عسکری-7، روز لین، رحیم آباد، ایس پی ڈی-2، وی وی آئی پی، ایم ای ایس، گریسی لائن، آر آئی سی، ٹی ایچ کیو، کے آر ایل کالونی، پنجر، کہوٹہ سٹی، میجر محمد حنیف، پاکستان ریلوے، ٹیپو روڈ، رحمت آباد-II، پی ڈبلیو ڈی-I، سرور شہید، ملٹی اسٹوری فلیٹس، مورگاہ، ایل/کورنی، خصالہ، ہیال، قریشی آباد، کینٹ، راجڑ، سہالہ کالج، لہتراڑ، نارہ مٹور، نیو چوا خالصہ، چوک پنڈوری، حامد جھنگی، مندرہ، مندرہ-II، ایل ٹی سی، نیو کلیام، بھیر کلیال، سید کسراں، مہوٹہ، این پی ایف-I، ریور گارڈن، سیکٹر-H، سیکٹر-E، سیکٹر-FFBL، توقیر حیدر، سیکٹر-C، عسکری ٹاور-2، ارسلان پولٹری، سیکٹر-A، سیکٹر-AC&F، سیکٹر-B، سیکٹر-KLMN، سیکٹر-H&F اور سیکٹر-G فیڈرز۔ اٹک سرکل: صبح 7 بجے سے دوپہر 2 بجے تک خان آباد فیڈر جبکہ صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک کینٹ فیڈرز، کرنل شیر خان، باہتر موڑ، کاشف گل، بھوئی گڑ، سالارگاہ، کالا خان، فیصل ہلز-1، فیصل ہلز-2، صفیہ ٹاؤن، ملت کالونی، کینٹ ڈویژن، لالہ رخ، خان آباد، سال انڈسٹریل اسٹیٹ، منیر آباد، شاہیہ، راشد منہاس، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، چھرگڑھ، حسین آباد، شاہدر (ڈی/سی)، ہٹیاں ٹی/سی، قاضی آباد ٹی/سی، پاور چینل کمپنی ٹی/سی، شمس آباد ٹی/سی، برزئی، مسکین آباد، تین میلہ، اٹک کینٹ، سونی، ناکہ کلاں، بھٹیوٹ، گریس لینڈ-I، جنڈ-1، پنڈ سلطانی، ڈھرنال، گلیال، لانی والا، امن پور اور باغ نیلاب فیڈرز۔ جہلم سرکل: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک وارڈ نمبر 8، سکیم-1، متوا، کوٹتریلہ، کریم پورہ، ایف-13 (گرمالہ)، بولانی، پوران، اکرم شہید، بوریاں، سی او ڈی کالا، ایم ریاض شہید، پھڈیال، مدو کلاں، چوٹالہ، دینہ-4 (سٹی)، گوجر خان سٹی، حیات سر روڈ، غوری ڈھمیک، بل اعوان، گلیانہ اور ننگر فیڈرز۔ چکوال سرکل: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بھون، کوٹ چوہدریاں، لائن پارک، میکن، ڈھرو کنا، مین بازار، اڈی، ڈھڈیال رورل، جنڈ خان زادہ، خانپور سٹی، شاہپور سیداں، بھکری، پنوال، سی ایس شاہ، راول، ڈھلوال، احمد آباد، پنڈ دادن خان، عبداللہ پور، ڈھرنکہ، مدینہ ٹاؤن، ڈھولر، موگلہ، بدھیال اور پنوالی فیڈرز۔ جی ایس او سرکل: صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک کورال/لہتراڑ، این پی ایف-1، پی ڈبلیو ڈی-1، نیوی-2، ریور گارڈن، سیکٹر-H، سیکٹر-E، سیکٹر-FFBL، توقیر حیدر، سیکٹر-C، عسکری ٹاور-2، ارسلان عالم اور شاہپور سیداں شاہ فیڈرز۔ صبح 11 بجے سے دوپہر 1 بجے تک سیکٹر-A، سیکٹر-AC&F، سیکٹر-B، سیکٹر-KLMN، سیکٹر-H&F اور سیکٹر-G فیڈرز جبکہ دوپہر 12 بجے سے 2 بجے تک خانپور سٹی اور جنڈ خان زادہ فیڈرز اور ملحقہ علاقوں میں بجلی کی فراہمی میں عارضی تعطل آئے گا۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کے اس عارضی تعطل پر معذرت خواہ ہے۔ ان شٹ ڈاؤن کا خالصتاً مقصد ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری ترقیاتی پراجیکٹس کی بروقت تکمیل ہے۔ صارفین کی سہولت کے لیے عارضی بجلی شٹ ڈاؤن شیڈول آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk / آئیسکو سوشل میڈیا پلیٹ فارمز فیس بک (IESCO)، ٹویٹر / X اکاؤنٹ (IESCO Official Pk Updates) پر بھی اپلوڈ کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر کال کرسکتے ہیں۔

بقیہ 48

ہدایات کی روشنی میں منعقدہ اس تربیتی سیشن میں سسٹم اینالسٹ محمد افضل بھٹی اور سینئر ڈیٹا پروسیسنگ آفیسر محمد سرفراز احمد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ شرکاء کو آن اسکرین مارکنگ کے پائلٹ پراجیکٹ اور امتحانی طریقہ کار کے مختلف مراحل کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ تربیتی سیشن میں سپرنٹنڈنٹس اور آئی ٹی ٹیچرز کو جوابی کاپیوں پر سوالات کے جوابات درج کرنے، رول نمبر، پیپر کوڈ اور دیگر ضروری معلومات کی درست ببل فلنگ کے طریقہ کار سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر ہدایت کی گئی کہ امتحان شروع ہونے سے قبل تمام طلبہ و طالبات کو جوابی کاپی پُر کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں دوبارہ بریف کیا جائے تاکہ کسی بھی قسم کی غلطی سے بچا جا سکے۔ ورکشاپ میں امتحانی مراکز پر طلبہ و طالبات کی حاضری کے اندراج کے لیے متعارف کرائے گئے اٹینڈنس منیجمنٹ سسٹم (AMS) کی ایپلیکیشن کے استعمال کا طریقہ بھی تفصیل سے سمجھایا گیا۔ سپرنٹنڈنٹس اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کو بتایا گیا کہ انٹرنیٹ کی دستیابی یا عدم دستیابی کی صورت میں موبائل فون کے ذریعے طلبہ و طالبات کی حاضری کیسے درج اور محفوظ کی جائے گی۔ اس سلسلے میں کیو آر کوڈ اور بارکوڈ اسکین کرنے کے تمام مراحل کی وضاحت بھی کی گئی۔ شرکاء کو خصوصی طور پر ہدایت کی گئی کہ طلبہ و طالبات کو کٹی پھٹی یا خراب جوابی شیٹس فراہم نہ کی جائیں اور کیو آر کوڈ یا بارکوڈ پر کسی قسم کا نشان یا تحریر نہ کی جائے، تاکہ اسکیننگ اور ڈیجیٹل ریکارڈ کی تیاری میں کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس موقع پر کنٹرولر امتحانات مبشر سعید نے بتایا کہ تربیتی ورکشاپ کا بنیادی مقصد امتحانی عملے کو آن اسکرین مارکنگ کے طریقہ کار اور اس سے متعلقہ تکنیکی و انتظامی امور سے مکمل طور پر آگاہ کرنا ہے تاکہ پائلٹ پراجیکٹ کے تحت امتحانی عمل کو مؤثر اور منظم انداز میں مکمل کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شاملِ امتحان امیدواروں کو ضروری ہدایات ان کے داخلہ فارم پر درج پتہ جات پر ارسال کردی گئی ہیں، جبکہ یہ ہدایات بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk پر بھی دستیاب ہیں۔

بقیہ 49

فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ پولیس افسران کو ملزم کی گرفتاری اور قانونی کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او کی ہدایات پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے نامزد ملزم احمد کو گرفتار کرلیا۔ اس موقع پر ڈی پی او کوہاٹ ایس ایس پی رائے مظہر اقبال نے کہا کہ بچوں اور خواتین پر تشدد کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، قانون کو ہاتھ میں لینے والے عناصر کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 50

شیری رحمٰن نے کہا کہ وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے قومی ہیرو ہیں، شہداء کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ دہشتگرد اپنے مذموم عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 51

لیبارٹری بھجوائے۔ لیبارٹری رپورٹس میں نمونے غیر معیاری و جعلی ثابت ہونے پر محکمہ زراعت نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کروادی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرخان عبدالرشید ساقی نے کہا کہ جعلی کھاد فروخت کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ ایسے عناصر نہ صرف کسانوں کی محنت اور سرمایہ کو نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ ملکی زرعی پیداوار کو بھی متاثر کرتے ہیں جعلی کھاد بنانے والے اور بیچنے والے مافیا کا اگر آج قلعہ قمع نہ کیا گیا تو آنے والے وقت میں پاکستان فوڈ سیکیورٹی کے لیے یہ بہت بڑا خطرہ ثابت ہوسکتے ہیں اور ہم آنے والی نسلوں کو قطعاً ایسا پاکستان نہیں دے سکتے جس میں انہیں غذائی قلت کا سامنا ہو۔ تحصیل گوجر خان میں جعلی کھاد کے کاروبار کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور ایسے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے زمینداروں، کسانوں اور کاشتکاروں سے اپیل کی کہ وہ کھاد صرف مستند اور رجسٹرڈ کھاد ڈیلرز سے خریدیں۔ کسی کے گھر یا غیر متعلقہ عام دکان سے کھاد خریدنے سے گریز کریں اور خریداری کے وقت رسید ضرور حاصل کریں۔ اگر کہیں جعلی کھاد کی فروخت یا ذخیرہ اندوزی کی اطلاع ملے تو فوری طور پر محکمہ زراعت کو آگاہ کریں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جاسکے۔ عبدالرشید ساقی نے مزید کہا کہ محکمہ زراعت کے دفاتر کے دروازے ہر کسان کے لیے کھلے ہیں۔ فیلڈ اسسٹنٹس اور فیلڈ انویسٹی گیٹرز تحصیل کے مختلف علاقوں میں موجود ہیں جبکہ وہ خود بھی فیلڈ میں کسانوں کی رہنمائی اور مسائل کے حل کے لیے موجود رہتے ہیں۔ کسانوں کی سہولت کے لیے محکمہ زراعت کے واٹس ایپ نمبرز پر بھی 24 گھنٹے رابطے کی سہولت فراہم کی گئی ہے۔ اس موقع پر سینئر ایگریکلچر آفیسر شہزاد ممتاز، محمد نزیر ہاشمی فیلڈ انویسٹی گیٹر، گل ضمیر احمد فیلڈ انویسٹی گیٹر، افضال محمود فیلڈ انویسٹی گیٹر دولتالہ، اور احتشام الحق بھی موجود تھے۔ محکمہ زراعت توسیع گوجرخان کا عزم ہے کہ کسانوں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی یقینی بنانے اور جعلی کھاد کے کاروبار کی روک تھام کے لیے مؤثر کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 52

ہدایت کی گئی ہے کہ دھند کے دوران غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور سفر کے لیے دن کی روشنی کو ترجیح دیں۔ ترجمان نے کہا کہ دھند کے موسم میں صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک سفر کرنا زیادہ موزوں ہے۔ دوران سفر گاڑی کی رفتار کم رکھیں، اگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ برقرار رکھیں اور لین کی پابندی کریں۔ موٹروے پولیس نے ڈرائیورز کو غیر ضروری اوورٹیکنگ اور اچانک بریک لگانے سے گریز کرنے، فوگ لائٹس استعمال کرنے اور گاڑی کی ہیڈ لائٹس، بیک لائٹس اور وائپرز درست رکھنے کی بھی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 53

کے مطابق قومی اسمبلی کا اجلاس اب آئندہ ہفتے طلب کیے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 54

2011 میں پاکستان ایئرفورس کو جوائن کیا اور 24 ستمبر 2014 کو ایئرفورس سے گریجوایشن مکمل کی، مریم مختیار 132 ویں جی ڈی پائلٹ کورس میں شریک تھیں۔ مریم مختیار نے پی اے ایف اکیڈمی رسالپور میں فائٹر جیٹ پائلٹ کی تربیت حاصل کی۔ فلائنگ آفیسر مریم مختیار چوبیس نومبر 2015 کو اپنے انسٹرکٹر، ثاقب عباسی کے ساتھ معمول کی تربیتی پرواز پر تھیں، جب میانوالی کے قریب ان کا طیارہ تکنیکی خرابی کی وجہ سے گر کر تباہ ہوگیا تھا اور مریم مختیار حادثے میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جہان فانی سے کوچ کر گئیں تھیں اور پاکستان کی پہلی شہید خاتون پائلٹ کا اعزاز ملا۔ فائٹر پائلٹ مریم مختار کا شمار لڑاکا طیارے کی ان پانچ خواتین پائلٹس میں ہوتا تھا، جنہیں محاذ جنگ تک جانے کی اجازت تھی۔ مریم کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ آپ دوران ڈیوٹی شہید ہونے والی پاک فضائیہ کی پہلی فائٹر پائلٹ ہیں، ان کو تمغہ بسالت سے بھی نوازا گیا۔

بقیہ 55

آبزرویٹری کو اے آئی سے چلنے والی موسمیاتی انٹیلیجنس سسٹم سے مزین ہے۔ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری سے موسمیاتی پیشگوئی ممکن ہوگی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری ہوا کے معیار، پانی، مٹی اور موسم کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ کا منفرد مرکز ہوگا۔ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری میں ماحولیاتی ڈیٹا، ریسرچ لیبارٹریز سے نوجوان کلائمیٹ سائنسدانوں کے لیے مزید سیکھنے کے مواقع میسر ہونگے۔ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری میں عالمی سائنسی تعاون اور بین الاقوامی شراکت داری کو ایک ہی چھت تلے یکجا کیا جائے گا۔ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری جدید ترین سہولت ارلی وارننگ سسٹم، سیلاب کی پیشگوئی کی جاسکے گی۔

بقیہ 56

منصوبے پر تقریباً 278 ارب روپے لاگت آنے کا تخمینہ ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ایم ایل تھری کا ٹریک اپنی مقررہ مدت استعمال پوری کرچکا ہے اور اس پر ٹرینیں اوسطاً 30 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی ہیں۔ ریکوڈک سے نکلنے والی بھاری مقدار میں معدنیات کی ریلوے کے ذریعے ترسیل ممکن بنانے کیلئے ٹریک کی مکمل بحالی ضروری ہے۔

قومی مفادات سیاسی اور ذاتی مفادات پر مقدم ہونے چاہئیں، حنیف عباسی

31 دسمبر تک مزید 13 ٹرینوں کو آؤٹ سورس کرنے کا منصوبہ ہے، ریلوے کا چوری شدہ سامان واپس کرنے والوں کیلئے عام معافی کا اعلان

150 سال پرانے تاریخی روہڑی جنکشن کو اپ گریڈ کرنے کے بعد 15 جنوری کو افتتاح کیا جائے گا، وفاقی وزیر ریلوے کا خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ قومی مفادات ہر صورت سیاسی اور ذاتی مفادات پر مقدم ہونے چاہئیں اور ملکی استحکام وسلامتی پر کسی قسم کی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے، ایشیائی ترقیاتی بینک اور مقامی بینکنگ کنسورشیم کے تعاون سے اہم ریلوے کوریڈورز کی اپ گریڈیشن کے منصوبوں پر کام جاری ہے، روہڑی سے کراچی تک ریلوے ٹریک کی بہتری کے منصوبے کے لیے ٹینڈر رنگ کا عمل جاری ہے جبکہ دسمبر یا جنوری میں معاہدے طے پانے کی توقع ہے، مقامی بینکوں کے کنسورشیم کے ذریعے روہڑی سے (بقیہ نمبر 2 8)



لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹی مزار حضرت بی بی پاکدامن کے دورے کے موقع پر ترقیاتی کاموں اور توسیعی منصوبوں کا جائزہ لیتے ہوئے افسران کو ہدایات دے رہے ہیں

ڈیوس روڈ پر ٹریفک حادثے میں دو نوجوان جاں بحق

تیز رفتار موٹر سائیکل بے قابو ہوکر فٹ پاتھ سے ٹکرا گئی

لاہور (این این آئی) لاہور ڈیوس روڈ پر ٹریفک حادثے میں دو نوجوان جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق تیز رفتار موٹر سائیکل بے قابو ہوکر فٹ پاتھ سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار دونوں نوجوان موقع پر ہی دم توڑ گئے۔ جاں بحق نوجوانوں کی شناخت ساجد اور کلیم کے نام سے ہوئی ہے، دونوں آپس میں محلے دار تھے، پولیس نے (بقیہ نمبر 2 9)



لاہور: لڑکیاں مال روڈ پر لگائے گئے سٹال سے خریدنے کیلئے کتابیں دیکھ رہی ہیں

اسلام آباد میں ای سی او سیکریٹریز کا دوروزہ اجلاس شروع

نمائندگان وزرائے خارجہ کے پیر کو ہونے والے اجلاس کا ایجنڈا طے کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) اقتصادی تعاون تنظیم کے سیکریٹریز اور فوکل نمائندگان کا دو روزہ اجلاس اتوار کو اسلام آباد میں شروع ہو گیا۔ سیکریٹریز اور فوکل نمائندگان وزرائے خارجہ کے پیر کو ہونے والے اجلاس کا ایجنڈا طے کریں گے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق وزرائے خارجہ اجلاس میں ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی شریک ہوں گے جبکہ افغان (بقیہ نمبر 4 2)

اسرائیلی فوج کا غزہ میں حماس کے سینئر کمانڈر کو شہید کرنے کا دعویٰ

مقبوضہ بیت المقدس (اے ایف پی) اسرائیلی فوج کا دعویٰ ہے کہ اس نے غزہ میں ایک فضائی حملے کے دوران حماس کے عسکری ونگ کے ایک سینئر کمانڈر کو نشانہ بنایا ہے۔ اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں کہا کہ اس نے فلسطینی تنظیم حماس کے عسکری ونگ کے ایک سینئر کمانڈر کو نشانہ بنایا ہے، تاہم فوری طور پر اس کی شناخت ظاہر نہیں کی گئی۔ دوسری جانب (بقیہ نمبر 3 0)

مساجد کا تقدس پامال کرنے کا قابلِ نفرت سلسلہ جاری

فتنۃ الخوارج کی کے شر پسند عناصر کا نہ تو شریعت اور نہ ہی اسلام سے کوئی تعلق ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) فتنۃ الخوارج کی جانب سے اپنے مذموم مقاصد کے لیے مساجد کا تقدس پامال کرنے کا قابلِ نفرت سلسلہ نہ رک سکا۔ بھارتی حمایت یافتہ فتنۃ الخوارج شرعی سمیت ہر قسم کے تسلیم شدہ قانون کی کھلم کھلا مسلسل خلاف ورزی میں ملوث ہیں۔ فتنۃ الخوارج کی جانب سے مساجد کو اپنے ٹھکانوں میں تبدیل کرنا مذہبی تقدس اور معاشرتی اقدار کی صریح پامالی ہے۔ فتنۃ الخوارج کی جانب سے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر مساجد کی حرمت پامال (بقیہ نمبر 4 3)

سعودی عرب کی جانب آنے والے 2 میزائل اور 3 ڈرون فضا میں تباہ

ریاض (اے ایف پی) سعودی اتحادی افواج نے یمن کی حوثی ملیشیا کی جانب سے ریاض پر داغے گئے دو بیلسٹک میزائلوں کو تباہ کر دیا گیا، جبکہ مملکت کے مشرقی صوبے کی طرف آنے والے تین ڈرون بھی مار گرائے گئے۔ سعودی سول ڈیفنس کی جانب سے گزشتہ روز صبح 4 بج کر 8 منٹ پر ریاض کے رہائشیوں کو فضائی خطرے سے متعلق الرٹ جاری کیا گیا، چند منٹ بعد زور دار دھماکوں کی آوازیں سنائی دیں جس کے بعد حکام نے (بقیہ نمبر 3 1)

خاتون نے مبینہ طور پر 2 بچوں سمیت زہریلی گولیاں کھالیں

بورے والا (این این آئی) بورے والا میں ایک خاتون نے مبینہ طور پر 2 بچوں سمیت زہریلی گولیاں کھالیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ بورے والا کے نواح میں چک نمبر 315 ای بی میں پیش آیا۔ حکام نے بتایا کہ زہریلی گولیاں کھانے سے 40 سالہ خاتون دم توڑ گئی۔ دونوں بچوں کو طبی امداد کے لیے مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا تھا تاہم 11 (بقیہ نمبر 3 2)

''آن اسکرین مارکنگ سسٹم'' کے پائلٹ پراجیکٹ پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

23 نومبر کو انٹرمیڈیٹ پارٹ اوّل کمپیوٹر سائنس کے پرچے میں پائلٹ پراجیکٹ کا اجرا ہوگا، چھ اضلاع کے امتحانی عملے اور آئی ٹی اساتذہ کی شرکت

ببل فلنگ، کیو آر کوڈ اسکیننگ اور اٹینڈنس مینجمنٹ سسٹم (AMS) ایپ کے استعمال بارے بریفنگ، امیدواروں کو ہدایات جاری کر دی گئیں، کنٹرولر امتحانات

راولپنڈی (این ای این) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی کے زیر اہتمام 23 نومبر 2026 کو منعقد ہونے والے انٹرمیڈیٹ پارٹ اوّل کے مضمون کمپیوٹر سائنس کے پرچے کے لیے آن اسکرین مارکنگ سسٹم کے پائلٹ پراجیکٹ کے تحت تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں تعلیمی بورڈ راولپنڈی کے زیر انتظام چھ اضلاع کے تمام طلبہ وطالبات اور مشترکہ امتحانی مراکز کے سپرنٹنڈنٹس اور ان کے آئی ٹی ٹیچرز نے شرکت کی پروفیسر ڈاکٹر اقبال محمود، چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی اور ممبر سعید، کنٹرولر امتحانات کی (بقیہ نمبر 4 8)



اسلام آباد: ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر آر پی ایس ڈپلومیٹک فٹبال لیگ سیزن 10 کی افتتاحی تقریب سے خیر مقدمی خطاب کر رہے ہیں

اچھرہ، زیر تعمیر عمارت سے گر کر 19 سالہ نوجوان جاں بحق

لاہور (این این آئی) اچھرہ کے علاقہ بابا اعظم چوک کے قریب زیر تعمیر عمارت سے گر کر 19 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ بتایا گیا نوجوان عمارت میں الیکٹریشن کا کام کر رہا تھا کہ اچانک پاؤں پھسلنے کے باعث نیچے آ گرا اور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ متوفی کی شناخت 19 سالہ ماجد حسین کے نام سے ہوئی جو خانیوال کا رہائشی تھا۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے موقع سے ضروری شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاش مردہ خانے منتقل کر دی گئی۔

امریکا کی مشرق وسطیٰ میں اپنے شہریوں کو اضافی احتیاط برتنے کی ہدایت

ریاض (اے ایف پی) سعودی عرب میں قائم امریکی سفارت خانے نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں کو اضافی احتیاط برتنے اور سکیورٹی صورتحال سے باخبر رہنے کی ہدایت کی ہے۔ سفارت خانے کے مطابق حوثی حملوں اور ایران کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کے تناظر میں امریکی شہری محتاط رہیں اور اپنے اردگرد کے حالات پر نظر رکھیں۔ امریکی سفارت خانے نے خبردار کیا ہے کہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کے نتیجے میں ماضی میں شہری ہلاکتیں بھی ہو چکی ہیں۔

نجی اسکول مالک کا 12 سالہ بچے پر تشدد، حالت تشویشناک

متاثرہ بچے کو علاج کیلئے مقامی کے ڈی اے ہسپتال منتقل کر دیا گیا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ کے علاقے خٹک کالونی میں واقع نجی اسکول کے مالک نے مبینہ طور پر 12 سے 13 سالہ بچے کو تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا۔ واقعہ کے بعد متاثرہ بچے کو تشویشناک حالت میں علاج معالجے کے لیے مقامی کے ڈی اے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اطلاع ملنے پر ڈی پی او کوہاٹ ایس ایس پی رائے مظہر اقبال نے (بقیہ نمبر 4 9)

شہداء کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، شیری رحمان

وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے قومی ہیرو ہیں

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے بلوچستان میں دہشتگردوں کے سیکورٹی فورسز پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے قومی ہیرو ہیں، شہداء کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ حملے میں جام شہادت نوش کرنے والے میجر عمر منہاس ناصر اور حوالدار محمد عدنان خان پر پوری قوم کو فخر ہے۔ (بقیہ نمبر 5 0)

جعلی کھاد فروخت کرنے والوں کے خلاف محکمہ زراعت کا کریک ڈاؤن

لیبارٹری رپورٹس میں کھاد کے نمونے جعلی ثابت ہونے پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجر خان عبدالرشید ساقی کا فوری ایکشن

جعلی کھاد فروخت کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر توسیع گوجر خان عبدالرشید ساقی



لاہور: لڑکیاں مال روڈ پر لگائے گئے سٹال سے خریدنے کیلئے کتابیں دیکھ رہی ہیں

گوجر خان (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ زراعت توسیع گوجر خان نے کسانوں کو جعلی کھاد فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے متعدد افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کروا دی۔ تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجر خان عبدالرشید ساقی نے پنجاب کھل گودام دولتالہ، تھہ موڑ، عابد حسین، وارثی موبائل شاپ حبیب چوک قاضیاں، اسامہ خوشنود علی، المائدہ ڈیری ملک شاپ بٹ مارکیٹ اسلام پورہ جبر، محمد شہباز بنارس اور سجاد بنارس کے خلاف کھاد کے نمونے (بقیہ نمبر 5 1)

فضائی آلودگی میں دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور کا پہلا نمبر برقرار

لاہور (این این آئی) تعطیل کے باوجود لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر رہا۔ عالمی ادارے آئی کیو ایئر کے مطابق لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 269 ریکارڈ کیا گیا، جبکہ بھارت کا شہر کولکتہ 253 اے کیو آئی کے ساتھ دوسرے اور بنگلہ دیش کا دارالحکومت ڈھاکہ 190 انڈیکس کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

دھند کے باعث موٹروے ایم 5 روہڑی سے پنوں عاقل تک بند

دھند کے موسم میں صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک سفر کرنا زیادہ موزوں ہے

سکھر (این این آئی) شدید دھند کے باعث موٹروے ایم 5 کو روہڑی سے پنوں عاقل تک ٹریفک کے لیے بند کر دیا گیا ہے۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق موٹروے کی بندش مسافروں کی جان و مال کے تحفظ کے پیش نظر کی گئی ہے۔ شہریوں کو (بقیہ نمبر 5 2)

پہلی خاتون فائٹر پائلٹ مریم مختیار کی گیارہویں برسی 24 نومبر کو منائی جائیگی

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) پاک فضائیہ کی پہلی خاتون فائٹر پائلٹ مریم مختیار کی گیارہویں برسی 24 نومبر کو منائی جائے گی۔ مریم مختیار 18 مئی 1992 کو کراچی میں پیدا ہوئیں، ابتدائی تعلیم کراچی میں حاصل کی اور سول انجینئرنگ میں ڈگری حاصل کی، مریم کے والد کرنل (ر) مختیار احمد شیخ پاک فوج میں شامل تھے، ایک فوجی گھرانے سے تعلق رکھنے کی وجہ سے ملک وقوم کیلئے کچھ کر دکھانے کی امنگ ان میں بچپن سے ہی موجزن تھی۔ پہلی خاتون فائٹر پائلٹ نے 6 مئی (بقیہ نمبر 5 4)

اسلحہ لائسنس کی رجسٹریشن کی تاریخ میں 21 نومبر تک توسیع

تمام افراد کے لیے اپنے ہتھیاروں کی متعلقہ پولیس اسٹیشن میں رجسٹریشن لازمی قرار

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں وکشمیر میں اسلحہ لائسنس رکھنے والے افراد کیلئے اپنے ہتھیاروں کی پولیس اسٹیشن میں لازمی رجسٹریشن کی تاریخ میں 21 نومبر تک توسیع کر دی گئی ہے۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ آزاد جموں وکشمیر نے اسلحہ لائسنس کی رجسٹریشن کی مدت میں توسیع کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ کے 5 نومبر 2026 کے نوٹیفکیشن کے مطابق آزاد جموں وکشمیر میں اسلحہ لائسنس رکھنے والے تمام افراد کے لیے اپنے ہتھیاروں کی متعلقہ پولیس اسٹیشن میں رجسٹریشن لازمی قرار دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا کہ بغیر رجسٹریشن ہتھیار رکھنے والوں کے خلاف فوری گرفتاری اور اسلحہ ضبط کرنے کی قانونی کارروائی کی جائے گی۔ ہوم ڈیپارٹمنٹ کے مطابق یہ خصوصی ہدایات آزاد کشمیر میں غیر قانونی ہتھیاروں کے استعمال اور رسد کو روکنے کے لیے جاری کی گئی ہیں۔

ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران کی فیس بک لائیو کھلی کچہری

پاکستان سمیت امریکہ، جنوبی افریقہ اور دیگر ممالک سے شہریوں کی براہ راست شرکت

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے فیس بک لائیو کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں پاکستان سمیت امریکہ، جنوبی افریقہ اور دیگر ممالک سے شہریوں نے براہ راست شرکت کی۔ شہریوں نے پولیس رویے، مقدمات کے اندراج اور تفتیش سے متعلق شکایات پیش کیں۔ شہریوں نے امن و امان، پولیس کارکردگی اور عوامی سہولیات سے متعلق تجاویز بھی دیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ لاہور پولیس میں احتساب (بقیہ نمبر 4 4)



اسلام آباد: جمہوریہ آذربائیجان کے نائب وزیر خارجہ اور وفد کے سربراہ ایلنور رامادوف، ای سی او (ECO) وزراء کونسل کے 30 ویں اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچ گئے

قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات کی تشہیر کیلئے ڈسپلے ٹرک متعارف

شیشے کے ریکس سے مزین خوبصورت ٹرک عوام کی توجہ کا مرکز بن گیا

لاہور (این این آئی) محکمہ جیل خانہ جات پنجاب نے ہنرمند قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات کی تشہیر اور فروخت کے لیے موبائل ڈسپلے ٹرک متعارف کرا دیا ہے جس کا مقصد قیدیوں کی فنی مہارت کو اجاگر کرنے کے ساتھ ان کی تیار کردہ اشیاء کے لیے مارکیٹ تک رسائی فراہم کرنا ہے۔ اس خصوصی ڈسپلے ٹرک میں خوبصورت شیشے کے ڈسپلے ریکس بنائے (بقیہ نمبر 4 5)



لاہور: قیدیوں کی تیار کردہ مصنوعات کی تشہیر اور فروخت کے لیے محکمہ جیل خانہ جات کا ڈسپلے موبائل ٹرک باغ جناح میں کھڑا ہے

راولپنڈی، منشیات سپلائر کو سزا سنا دی

مجرم سیف اللہ کو 9 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ بمعزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم سیف اللہ کو 9 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت نے منشیات سپلائر کو سزا سنا دی، مجرم سیف اللہ کو 9 سال قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی گئی، مجرم سے 1 کلو 100 گرام چرس برآمد ہونے پر تھانہ بنی پولیس نے دسمبر 2024ء میں گرفتار کیا تھا، ٹھوس شواہد اور مقدمہ کی موثر پیروی کے پیش نظر معزز عدالت نے مجرم کو قرار واقعی سزا سنائی، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے (بقیہ نمبر 4 6)

گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لئے موثر سیکورٹی انتظامات

امن وامان کو یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، پولیس حکام

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات، سینئر افسران نے فیلڈ میں موجود رہ کر سیکورٹی انتظامات کی نگرانی کی، گرجا گھروں میں مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا تفصیلات کے مطابق سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات کے مطابق گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے موثر سیکورٹی انتظامات، سینئر (بقیہ نمبر 4 7)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

اسحاق ڈار کی مصر کے وزیر خارجہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال میں ہونے والی تازہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا

وزرائے خارجہ کا باہمی دلچسپی کے امور پر قریبی رابطے برقرار رکھنے اور مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے اتوار کو ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق دونوں وزرائے خارجہ نے علاقائی اور بین الاقوامی صورتحال میں ہونے والی تازہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر یورپ میں ہونے والے آئندہ آر فور اور آر فور پلس ای فور اجلاسوں کے حوالے سے بھی بات چیت کی گئی۔ (بقیہ نمبر 3 4)

امریکا میں فضائی سفر کا بحران دوسرے روز بھی برقرار رہا

6 ہزار پروازیں منسوخ، ساڑھے 7 ہزار تاخیر کا شکار

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا میں فضائی سفر کا بحران دوسرے روز بھی برقرار رہا، فضائی حدود کھلی ہونے اور پروازوں کی روانگی بحال ہونے کے باوجود ایئر لائنز اپنا معمول کا شیڈول بحال نہ کر سکیں۔ ڈیلاس، ہیوسٹن، شکاگو، اٹلانٹا اور نیویارک سمیت بڑے ایئر پورٹس پر ہزاروں مسافر اپنی منزلوں تک پہنچنے کے منتظر رہے۔ فلائٹ اویئر کے اعداد وشمار کے مطابق امریکا آنے والی اور یہاں سے روانہ ہونے والی 6 ہزار 228 پروازیں (بقیہ نمبر 3 5)

پاسدارانِ انقلاب کے بحرین میں امریکی فوجی اڈے پر ڈرون حملے

معلومات کیلئے صرف سرکاری ذرائع اور سرکاری چینلز پر انحصار کریں، بحرینی وزارت داخلہ

تہران: (اے ایف پی) ایران کے پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ ان کی فورسز نے بحرین میں ایک فوجی اڈے پر نصب امریکی ریڈار سسٹم کو ڈرون حملے کا نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے پر بیان میں پاسدارانِ انقلاب نے کہا ہے کہ بحرین میں الرفاع ہیلی کاپٹر بیس پر نصب امریکی فضائی دفاعی ریڈار سسٹم کو پاسدارانِ انقلاب کی ایرو اسپیس فورس کے چھ ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا گیا۔ دوسری جانب بحرین نے سوشل میڈیا (بقیہ نمبر 3 7)

موٹروے ایم 5 کو حدِ نگاہ بہتر ہونے پر ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا

روڈ یوزرز دورانِ سفر احتیاطی تدابیر پر عمل کریں اور تیز رفتاری سے گریز کریں

روہڑی (اے ایف پی) موٹروے ایم 5 کو حدِ نگاہ بہتر ہونے پر ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا۔ ترجمان موٹروے سنٹرل ریجن کے مطابق موٹروے ایم 5 کو روہڑی سے پنوں عاقل تک دھند کی وجہ سے بند کیا گیا تھا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق روڈ یوزرز دورانِ سفر احتیاطی تدابیر پر عمل کریں اور تیز رفتاری سے گریز کریں۔ اس سے قبل (بقیہ نمبر 3 8)

وکالت کے لائسنس کیلئے ایچ ای سی سے تعلیمی اسناد کی تصدیق لازمی قرار

قانونی پیشے کے وقار، شفافیت، متعلقہ قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے فیصلہ کیا، وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

تعلیمی اسناد کی پیشگی تصدیق سے وکالت کے شعبے میں میرٹ اور شفافیت کو فروغ ملے گا، چیئرمین ایگزیکٹو ارشد علی ہنجرا

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے وکالت کے لائسنس کے حصول کے لیے امیدواروں کی تعلیمی اسناد کی ہائر ایجوکیشن کمیشن سے پیشگی تصدیق لازمی قرار دیتے ہوئے انڈر ٹیکنگ کی بنیاد پر انرولمنٹ دینے کا سلسلہ فوری طور پر بند کر دیا۔ وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر احمد ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چودھری ارشد علی ہنجرا نے کہا کہ قانونی پیشے کے وقار، شفافیت اور متعلقہ قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس ضمن میں جاری نوٹیفکیشن کے مطابق اب کسی بھی امیدوار کی انرولمنٹ (بقیہ نمبر 4 0)

گنے کے کرشنگ سیزن کا آغاز

لاہور (این این آئی) پنجاب میں رواں سال گنے کی کاشت میں 16 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پنجاب حکومت نے گنے کے کرشنگ سیزن کے آغاز کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب کی تمام شوگر ملز گنے کی خریداری کریں گی جبکہ شوگر ملز کا ریٹ مارکیٹ فورسز میکنیزم کے تحت جاری کریں گی۔ ذرائع کے مطابق رواں سال پنجاب میں 24 لاکھ 52 ہزار ایکڑ پر گنا کاشت کیا گیا ہے جبکہ رواں سال کی کاشت گزشتہ سال کی (بقیہ نمبر 3 6)

100 سے زائد مقدمات میں مطلوب خطرناک اشتہاری ساتھی سمیت مارا گیا

سرگودھا (این این آئی) سی ٹی ڈی پولیس مقابلہ میں کانسٹیبل کے اغوا، پولیس پر فائرنگ اور جوانوں کو للکارنے سمیت 100 سے زائد مقدمات میں مطلوب خطرناک اشتہاری ساتھی سمیت مارا گیا۔ جن کے قبضہ سے اسلحہ اور خطرناک ہتھیار برآمد کر کے ان کی نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور علاقہ میں دیگر ملزمان کی تلاش میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے علاقہ کوٹ مومن کے چک 12 جنوبی کے قریب سی ٹی ڈی پولیس مقابلہ میں کانسٹیبل کے (بقیہ نمبر 3 9)

تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں دو نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں دو نوجوان جاں بحق ہو گئے جن کی نعشوں کو ہسپتال منتقل کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے ڈی پی او نے حادثہ کا نوٹس لیتے ہوئے گاڑی اور ڈرائیور کی تلاش کے لئے پولیس کو ٹاسک دے دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ جھاوریاں میں لنک روڈ پر تیز رفتار کار کی موٹر سائیکل کو ٹکر میں اس پر سوار دو نوجوان جانحق ہو گئے جن کو ریسکیو کر کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اس حادثہ (بقیہ نمبر 4 1)



نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال اجتماعی شادیوں کی تقریب میں نوبیاہتا دلہن کے سر پر ہاتھ رکھ کر شفقت کا اظہار کر رہے ہیں



کراچی: اٹلی کی وزارت خارجہ کے سیکرٹری جنرل ریکارڈو گوریگلیا گورنر ہاؤس کے دورے کے موقع پر مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات قلمبند کر رہے ہیں

ایم ایل تھری ریلوے ٹریک کی بحالی ایک بار پھر موخر

معدنیات کی ریلوے کے ذریعے ترسیل کیلئے ٹریک کی بحالی ضروری، حکام

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ریکوڈک کانوں سے معدنیات کی ترسیل کیلئے پاکستان ریلوے کے ایم ایل تھری ٹریک کی بحالی واپ گریڈیشن کے ایک ارب ڈالر مالیت کے منصوبے کی منظوری ایک بار پھر مؤخر کر دی ہے منصوبے میں تاخیر کی بنیادی وجوہات مالی وسائل کی عدم دستیابی اور معدنیات کی برآمد کیلئے کراچی کے بجائے گوادر بندرگاہ استعمال کرنے کی ممکنہ تجویز بتائی گئی ہیں۔ وزارت منصوبہ بندی کے حکام کے مطابق سینٹرل ڈیولپمنٹ ورکنگ پارٹی نے گزشتہ پانچ ماہ کے دوران تیسری مرتبہ نوکنڈی سے روہڑی تک 996 کلومیٹر طویل ایم ایل تھری ریلوے ٹریک کی بحالی کے منصوبے کی منظوری مؤخر کی ہے، (بقیہ نمبر 5 6)

قومی اسمبلی کا اجلاس پھر ری شیڈول ہونے کا امکان

قومی اسمبلی کا اجلاس اب آئندہ ہفتے طلب کیے جانے کا امکان ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے پیر کو اجلاس طلب کرنے کی سمری ابھی تک صدر کو نہیں بھجوائی جس کے باعث اجلاس پھر ری شیڈول ہونے کا امکان ہے۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق وزارت پارلیمانی امور نے کل بروز پیر اجلاس شام 5 بجے طلب کرنے کی سمری وزیر اعظم کو بھجوائی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ صدر اور وزیر اعظم کی ملاقات میں اجلاس ری شیڈول کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پارلیمانی ذرائع (بقیہ نمبر 5 3)



جنیوا: انسانی حقوق سے متعلق سینیٹ کی فنکشنل کمیٹی کی چیئرپرسن، سینیٹر شمینہ ممتاز زہری، انسانی حقوق پر آئی پی یو (IPU) کی عالمی پارلیمانی کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری اپنی نوعیت کا پہلا پراجیکٹ

یہ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنیوالے پنجاب اور پاکستان کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کی جانب ایک سنگ میل ہے

پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری ہوا کے معیار، پانی، مٹی اور موسم کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ کا منفرد مرکز ہوگا، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنے ایکس میسج میں لاہور میں زیر تعمیر پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری پراجیکٹ پر اظہار تشکر کیا ہے۔ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری پاکستان کا اپنی نوعیت کا پہلا پراجیکٹ ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ سہولت کے طور پر تصور کیا گیا ہے اور یہ پنجاب کلائمیٹ آبزرویٹری موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے پنجاب اور پاکستان کے وژن کو حقیقت میں بدلنے کی جانب ایک سنگ میل ہے۔ لاہور میں پنجاب کلائمیٹ (بقیہ نمبر 5 5)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 6000/-